
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیرالاشاعت قومی اخبار

روزنامہ
شہرنامہ
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | بدھ 11 نومبر 2026ء 29 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 64
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

عدالتی حکم عمران خان کی بیرسٹر صفدر و لطیف کھوسہ سے ملاقات طے

ایڈووکیٹ جنرل کل ملاقات کرائیں گے، ہائی کورٹ نے آج دونوں وکلا کی ایک گھنٹے کے لیے ملاقات کا حکم دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے عمران خان اور ان کے وکلا کی ملاقات کا حکم جاری کر دیا، ایڈووکیٹ جنرل کل تین بجے لطیف کھوسہ اور بیرسٹر سلمان صفدر کی عمران خان سے ملاقات کرائیں گے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے لطیف کھوسہ اور بیرسٹر سلمان صفدر کی ملاقات کرانے اور کیس 10 دن بعد دوبارہ مقرر کرنے کی ہدایت کر دی۔ کیس کی سماعت چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے کی۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل نیب سہیل ناصر اور پی ٹی آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

بانی پی ٹی آئی رہائی کا فیصلہ عدالتیں کریں گی، طارق فضل چوہدری

بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا کوئی شارٹ کٹ نہیں، حکومت کسی ڈیل یا ڈھیل کے موڈ میں نہیں، وفاقی وزیر

خیبر پختونخوا میں اب ناکامی کی گنجائش نہیں، دہشگردی کے خاتمے تک ہدف حاصل کریں گے، پی ٹی آئی نے اپنے پاؤں پر سیاسی کلہاڑی ماری

گورنر راج آخری آپشن تھا، بانی پی ٹی آئی کے علاج پر کوئی سمجھوتہ نہیں، ضرورت پڑنے پر لندن سے ڈاکٹر بلایا گیا، وفاقی وزیر



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ عمران خان کے لیے حکومت کے پاس نہ کوئی ڈیل ہے نہ ڈھیل، بانی کی رہائی کا واحد راستہ عدالتیں ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو طبی معائنے کی سہولت حاصل ہے اور بیرسٹر سلمان صفدر ایک وکیل ہے مگر وہ میڈیا میں ماہر طب کا کردار ادا کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایک بات پھر سے واضح کرتا ہوں کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا واحد راستہ عدالتیں ہیں، بانی پی ٹی آئی کے لیے حکومت کے پاس نہ کوئی ڈیل ہے اور نہ ہی ڈھیل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر سلمان صفدر قانونی نکات پر توجہ دیں گے تو بانی پی ٹی آئی کی رہائی ممکن ہو سکے گی، سلمان صفدر نے اعتراف کیا کہ بانی پی ٹی آئی کو میڈیکل چیک اپ کی سہولت میسر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نہ پہلے بانی پی ٹی آئی کے علاج سے غافل تھی نہ آئندہ کوئی غفلت بھرتی جائے گی، بانی پی ٹی آئی کو اسپتال لانے کے سپریم کورٹ کے حکم سے پہلے انہیں 6 بار اسپتال لایا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے بلڈ پریشر کے معاملہ میں جب ضرورت پڑی تو لندن سے ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اسی او وزرائے کونسل اجلاس کی تیاری بارے میٹنگ کر رہے ہیں

پاکستان مستقبل کا خوشحال تعمیر کریگا، وزیراعظم



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر و دیگر چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

میانوالی میں چشمہ فائیو نیوکلیئر پاور پلانٹ کے پانچویں یونٹ کی ڈوم کا افتتاح، عوام کو سستی اور ماحول دوست بجلی فراہم کرنے میں مدد ملے گی، شہباز شریف

فیلڈ مارشل کی کاوشوں کی بدولت پاکستان اپنے معاشی اہداف حاصل کرنے، سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور اعتماد کے ساتھ ترقی کی رفتار تیز کرنے کے قابل ہو رہا ہے، خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے چین کے تعاون سے میانوالی میں تعمیر ہونے والے پاکستان کے سب سے بڑے نیوکلیئر پاور پلانٹ کو اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کی مدد سے عوام کو سستی اور ماحول دوست بجلی فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے میانوالی میں چشمہ فائیو نیوکلیئر پاور پلانٹ کے پانچویں یونٹ کی ڈوم کا افتتاح کیا اور اس کی تنصیب کو قابل فخر سنگ میل قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ چشمہ فائیو نیوکلیئر پاور پلانٹ کے ڈوم کی تنصیب کو پاک چین لازوال دوستی اور عزم کی علامت قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان توانائی کے تحفظ، قابل اعتماد اور سستی بجلی فراہم کرنے کے معاملے میں کردار ادا کرے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ملک کو معاشی طور پر مضبوط اور توانائی کے شعبے میں خود کفیل، ماحول دوست ملک بنانے کے لئے مقامی وسائل، انسانی سرمائے سے بھرپور فائدہ اٹھانا ہوگا۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ کے یونٹ سی فائیو (C-5) کے ڈوم کی کامیاب تنصیب کے ساتھ منصوبے کی تعمیر میں ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ خطاب میں وزیراعظم نے کہا کہ اس تقریب میں شرکت میرے لیے مسرت کا باعث ہے، یہ پاکستان کا سب سے بڑا نیوکلیئر پلانٹ ہے جو چین کے تعاون سے تعمیر کیا جا رہا ہے، جولائی 2023 میں اس اہم منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں بھی وہ شریک تھا اور پورے یقین کے ساتھ کہا تھا کہ پاکستان کسی کا انتظار نہیں کرے گا بلکہ اپنی محنت اور انتھک کوششوں کے ذریعے اپنا مستقبل خود تعمیر کرے گا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)



اسلام آباد، وفاقی وزیر سینیٹر محمد اورنگزیب کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیٹرول 8 روپے، ڈیزل 7 روپے پیسے لیٹر سستا

وفاقی حکومت کے منظور کردہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے تحت نئی قیمتیں مقرر کی گئی ہیں، اوگرا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کر دیا اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت کے منظور کردہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے تحت نئی قیمتیں مقرر کی گئی ہیں۔ اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 8 روپے فی لیٹر کمی کی گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ناظم الامور نیتلی امور پاکستان کیلئے امریکی کی سفیر نامزد

نامزدگی منظوری کے لیے سینیٹ کو بھیج دی گئی، جلد سفیر مقرر ہوجائیں گی



واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ٹرمپ نے ناظم الامور نیتلی بیکر کو پاکستان میں نیا سفیر نامزد کر دیا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق امریکی صدر نے نیتلی بیکر کو پاکستان میں امریکا کی نئی سفیر نامزد کیا ہے جس کے بعد نیتلی بیکر کی نامزدگی منظوری کے لیے سینیٹ کو بھیج دی گئی ہے اور سینیٹ کی منظوری کے بعد وہ سفیر مقرر ہو جائیں گی۔ واضح رہے کہ نیتلی بیکر نے جنوری 2025 میں اسلام آباد میں امریکی سفارتخانے میں بطور ناظم الامور اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

FBR کے اختیارات برقرار، ڈیجیٹل اور میڈیکل کالجز کی درخواستیں مسترد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 175 کے تحت ایف بی آر کے تحقیقاتی اور قانونی نفاذ کے اختیارات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

بلوچستان، کیچ میں فورسز کا آپریشن، 2 دہشگرد ہلاک

ہال نگور میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع کیچ میں آپریشن کر کے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکورٹی فورسز نے سیکورٹی رسک کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)



اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام و دیگر سینیٹر عرفان صدیقی کی یاد میں تعزیتی ریفرنس میں شریک ہیں

آئینی عدالت والے اپنا کام جانیں، جسٹس جمال

منشیات کیس میں پہلے ہی کم سزا دی گئی، وکیل چاہیں تو سزا اور جرمانہ بڑھا دیتے ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر جج جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے ہیں کہ آئینی عدالت والے جانیں ان کا کام جانے اور ہم جانیں ہمارا کام جانے۔ جس قانون کے تحت ایف آئی آر درج ہوئی ہے اسی کے تحت سزا ہوگی۔ منشیات برآمدگی کیس میں ملزمان کو کم از کم سزا اور جرمانہ ہوا ہے اگر وکیل کہتے ہیں تو اسے بڑھا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

موٹروے ایم فور ہیوی ٹریفک کے لیے بند

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) شدید دھند کے باعث موٹروے ایم فور پنڈی بھٹیاں سے عبدالحکیم تک ہیوی ٹریفک کے لیے بند کر دی گئی۔ موٹروے پولیس ترجمان کے مطابق موٹروے کی بندش کا مقصد عوام کی جان و مال کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

حکومت کا نیسپاک، حیسکو اور سیپکو کے بورڈز سے متعلق اہم فیصلہ، انتظامی تجاویز کی منظوری

بورڈز میں بطور عہدہ خدمات انجام دینے والے نمائندوں کا انتخاب مناسب اہلیت، تجربے کی بنیاد پر ہونا چاہیے، وزیر خزانہ

بطور عہدہ خدمات انجام دینے والے حکومتی نمائندوں کا انتخاب تجربے کی بنیاد پر ہونا چاہیے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے سرکاری ملکیتی اداروں کا اجلاس ہوا، جس میں مختلف سرکاری کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے متعلق اہم انتظامی تجاویز کی منظوری دے دی گئی۔ وزارت خزانہ میں آج ہونے والے اس اہم اجلاس میں وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی کے علاوہ متعلقہ وفاقی سیکریٹریز، مختلف وزارتوں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



لاہور، وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عراق، ایران سرحدی گزرگاہ بند، دوسری دوبارہ کھول دی

یہ اقدامات مرمت اور دیکھ بھال کے کام کے سلسلے میں کیے گئے ہیں، عراقی حکام

بغداد (صباح نیوز) عراق نے ایران کے ساتھ اپنی ایک سرحدی گزرگاہ بند جبکہ دوسری کو دوبارہ کھولنے کا اعلان کیا ہے۔ عراقی حکام کے مطابق یہ اقدامات مرمت اور دیکھ بھال کے کام کے سلسلے میں کیے گئے ہیں۔ عراقی خبر رساں ایجنسی (آئی این اے) کے مطابق سرحدی گزرگاہوں کے ادارے کے سربراہ میجر جنرل عمر الوائلی نے بتایا کہ ایران کے ساتھ مندلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

پنجاب کے مختلف شہر فضائی آلودگی کی لپیٹ میں

لاہور (صباح نیوز) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں فضائی آلودگی نے خطرناک صورت اختیار کر لی، صبح 7 بجے لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 337 ریکارڈ کیا گیا، جس کے باعث شہر کی فضا انتہائی مضر صحت قرار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

عمران، بشریٰ سے وکلاء کی ملاقات کرانے کا حکم

بیرسٹر سلمان صفدر اور سردار لطیف کھوسہ آج اپنے موکلوں سے مل سکیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے وکلا بیرسٹر سلمان صفدر اور سردار لطیف کھوسہ کی ملاقات کرانے کا حکم دے دیا ہے۔ عدالت نے جیل حکام کو ہدایت کی ہے کہ بدھ کے روز اڈیالہ جیل میں دونوں وکلا کی اپنے موکلوں سے ایک گھنٹے تک ملاقات کا انتظام کیا جائے۔ عدالت نے 190 ملین پاؤنڈ (القادر ٹرسٹ) کیس میں سزا کے خلاف اپیلوں کی سماعت 10 روز بعد مقرر کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سابق MPA عبدالمجید اچکزئی کو 10 سال قید بامشقت

ٹریفک سب انسپکٹر کی ہلاکت کے مقدمے میں 10 سال قید بامشقت کی سزا سنائی گئی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان ہائیکورٹ نے سابق ایم پی اے عبدالمجید اچکزئی کو ٹریفک سب انسپکٹر کی ہلاکت کے مقدمے میں 10 سال قید بامشقت کی سزا سنادی۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس محمد عامر نواز رانا اور جسٹس عبدالقیوم لہڑی پر مشتمل بینچ نے کیس کی سماعت کی، جس میں عدالت نے عبدالمجید اچکزئی کی سب انسپکٹر عطاء اللہ کی ہلاکت کے مقدمے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

مانیکا تشدد کیس، وکلا کیخلاف فرد جرم آج عائد ہوگی

آپ لوگوں نے تماشا بنا لیا، اب کیس روزانہ کی بنیاد پر ہوگا، جج طاہر عباس سپرا

اسلام آباد (صباح نیوز) خاور مانیکا تشدد کیس میں ملزمان پی ٹی آئی حامی وکلا کے خلاف فرد جرم آج عائد ہوگی۔ منگل کو انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں خاور مانیکا پر تشدد کے خلاف پی ٹی آئی کے حامی وکلاء کے کیس کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ دوران سماعت عدالت نے فرد جرم کے لیے آج کی تاریخ مقرر کر دی۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

لیوی پر حکومت سے معاہدہ کے بنیادی نکات طے ہو گئے، لیاقت بلوچ

معاہدے کا حتمی فیصلہ شہباز شریف، حافظ نعیم الرحمن کی ممکنہ ملاقات میں ہوگا

جس دن محسوس ہوا بات چیت کا کوئی فائدہ نہیں، مذاکرات سے باہر آجائیں گے

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کے دسویں دور میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



اسلام آباد، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اختلاف کا جواب گالی سے نہیں دلیل سے دیا جائے، ملک احمد خان

مولانا فضل الرحمان دلیل سے بات کرنا چاہتے ہیں تو ان کے مؤقف کو سننا چاہیے

قصور (صباح نیوز) قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ دہشت گردی گزشتہ کئی دہائیوں کے غلط فیصلوں کا نتیجہ ہے، قوم آج بھی ان فیصلوں کے اثرات بھگت رہی ہے، ماضی میں افغانستان کی جنگ میں شمولیت، جہاد کے نام پر کیے گئے فیصلوں اور ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ECO اجلاس 15 اور 16 نومبر کو اسلام آباد میں ہوگا

پاکستان وزرائے کونسل کا چیئرمین مقرر، تجارتی روابط پر توجہ دی جائے گی

اسلام آباد (صباح نیوز) اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر اسد مجید خان 15 اور 16 نومبر کو پاکستان میں ہونے والے ای سی او وزرائے کونسل کے 30 ویں اجلاس میں شرکت کے لیے پاکستان پہنچ گئے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



انقرہ، وفاقی وزیر احسن اقبال سے ترکیہ کے وزیر زراعت ملاقات کر رہے ہیں

تربیلا پانچویں توسیعی منصوبہ، چیئرمین واپڈا کا دورہ محکمانہ انکوائری کا حکم

لاہور (صباح نیوز) چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید نے تربیلا پانچویں توسیعی پن بجلی منصوبے کے انٹیک اسٹرکچر میں پیش آنے والے واقعے کے بعد 9 اور 10 نومبر کو تربیلا کا دورہ کیا اور منصوبے کی موجودہ صورتحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

سٹاک مارکیٹ میں بڑا اضافہ، ایک لاکھ 79 ہزار پوائنٹس کی حد بحال

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 79 ہزار پوائنٹس کی حد پر بحال ہو گیا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کوپ سربراہی اجلاس، وزیراعظم شرکت کیلئے ترکیہ روانہ

وزیراعظم موسمیاتی تبدیلی، ترقی پذیر ممالک کو مالی معاونت کی فراہمی پر زور دیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن برائے موسمیاتی تبدیلی (UNFCCC) کی 31 ویں کانفرنس (COP-31) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)



اسلام آباد، وفاقی وزیر خالد مگسی کاروائی ڈے کے موقع پر تقریب کے بعد گروپ فوٹو

وزیراعظم اپوزیشن کیساتھ جھگڑنے کے بجائے اعتماد بحال کریں، بلاول بھٹو

تاریخی مہنگائی کے باعث عوام حکومتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ کون مشکل وقت میں ان کے ساتھ کھڑا ہے، چیئرمین پی پی

عوام کو نفرت، تقسیم کی سیاست نہیں، معاشی مسائل کا حل چاہیے، سیلاب متاثرین کے گھروں کی تقریب سے خطاب



کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم اپوزیشن کے ساتھ نئے جھگڑے چھیڑنے کے بجائے اعتماد بحال کریں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تین سیال میں سندھ حکومت نے 10 لاکھ گھر بنا کر تاریخ رقم کر دی۔ ضم قائد میں سندھ کے سیلاب متاثرین کے گھروں کی تکمیل کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پوری دنیا اس وقت معاشی بحران سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ بجلی تقسیم کار کمپنیوں بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ویکسین تیاری و خریداری، کرپشن کا کوئی سکینڈل نہیں، مصطفیٰ کمال

18 کروڑ 30 لاکھ 55 ہزار روپے اس وقت نادرا کے اکاؤنٹ میں موجود ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ حج اور عمرہ زائرین کے لیے ویکسین کی تیاری اور خریداری کے معاملے میں انہیں اور وزارت صحت کو لاعلم رکھا گیا جبکہ سوشل میڈیا پر 10 ارب روپے کی کرپشن کا بیانیہ پھیلایا گیا، حالانکہ اس منصوبے پر حکومت کا ایک روپیہ بھی خرچ نہیں ہوا۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سعودی اتحاد نے حوثیوں کا ڈرون حملہ ناکام بنا دیا

ڈرون فضا میں تباہ، 4 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے، سعودی اتحادی فوج

ریاض (صباح نیوز) سعودی عرب کی قیادت میں یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف لڑنے والے اتحاد نے سعودی عرب کے تیل کے ذخائر سے مالا مال مشرقی صوبے میں ایک ڈرون کو فضا میں روک کر تباہ کرنے کا اعلان کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

سرگودھا میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

سرگودھا (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کے شہر سرگودھا میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق خونریز واقعہ شاہ پور صدر کے نواحی علاقے ماچھی والا کے قریب پیش آیا، ابتدائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سٹاک مارکیٹ میں بڑا اضافہ، ایک لاکھ 79 ہزار پوائنٹس کی حد بحال

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 79 ہزار پوائنٹس کی حد پر بحال ہو گیا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ویکسین تیاری و خریداری، کرپشن کا کوئی سکینڈل نہیں، مصطفیٰ کمال

18 کروڑ 30 لاکھ 55 ہزار روپے اس وقت نادرا کے اکاؤنٹ میں موجود ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ حج اور عمرہ زائرین کے لیے ویکسین کی تیاری اور خریداری کے معاملے میں انہیں اور وزارت صحت کو لاعلم رکھا گیا جبکہ سوشل میڈیا پر 10 ارب روپے کی کرپشن کا بیانیہ پھیلایا گیا، حالانکہ اس منصوبے پر حکومت کا ایک روپیہ بھی خرچ نہیں ہوا۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

کوپ سربراہی اجلاس، وزیراعظم شرکت کیلئے ترکیہ روانہ

وزیراعظم موسمیاتی تبدیلی، ترقی پذیر ممالک کو مالی معاونت کی فراہمی پر زور دیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن برائے موسمیاتی تبدیلی (UNFCCC) کی 31 ویں کانفرنس (COP-31) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

وزیراعظم اپوزیشن کیساتھ جھگڑنے کے بجائے اعتماد بحال کریں، بلاول بھٹو

تاریخی مہنگائی کے باعث عوام حکومتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ کون مشکل وقت میں ان کے ساتھ کھڑا ہے، چیئرمین پی پی

عوام کو نفرت، تقسیم کی سیاست نہیں، معاشی مسائل کا حل چاہیے، سیلاب متاثرین کے گھروں کی تقریب سے خطاب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم اپوزیشن کے ساتھ نئے جھگڑے چھیڑنے کے بجائے اعتماد بحال کریں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تین سیال میں سندھ حکومت نے 10 لاکھ گھر بنا کر تاریخ رقم کر دی۔ ضم قائد میں سندھ کے سیلاب متاثرین کے گھروں کی تکمیل کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پوری دنیا اس وقت معاشی بحران سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ترکیہ، پاکستان تعاون کونسل کی میٹنگ میں مشترکہ عسکری کمانڈ ہیڈ کوارٹر قائم کرنیکی منظوری

عسکری ہیڈ کوارٹرز کے مقام کے انتخاب کا یہ فیصلہ جی سی سی جوائنٹ ڈیفنس کونسل اجلاس کے دوران کیا گیا

یہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں خلیجی یکجہتی کا عملی نمونہ ہے، جی سی سی کے سیکرٹری جنرل جاسم محمد البدیوی

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے رکن ممالک نے کویت میں اپنی مشترکہ ملٹری کمانڈ کے لیے ایک جدید ہیڈ کوارٹر کے قیام اور وہاں افواج کی تعیناتی کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے۔ جی سی سی کے سیکرٹری جنرل جاسم محمد البدیوی کے دفتر سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ہیڈ کوارٹرز کے مقام کے انتخاب کا یہ فیصلہ منگل کو منامہ میں جی سی سی ممالک کی جوائنٹ ڈیفنس کونسل کے 23 ویں اجلاس کے دوران کیا گیا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ یہ ہدایات جی سی سی ممالک کی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ اور مشترکہ خطرات سے نمٹنے کے لیے ان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)



انقرہ، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان فورم سے خطاب کر رہے ہیں

سعودی اتحاد نے حوثیوں کا ڈرون حملہ ناکام بنا دیا

ڈرون فضا میں تباہ، 4 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے، سعودی اتحادی فوج

ریاض (صباح نیوز) سعودی عرب کی قیادت میں یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف لڑنے والے اتحاد نے سعودی عرب کے تیل کے ذخائر سے مالا مال مشرقی صوبے میں ایک ڈرون کو فضا میں روک کر تباہ کرنے کا اعلان کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

سرگودھا میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

سرگودھا (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کے شہر سرگودھا میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق خونریز واقعہ شاہ پور صدر کے نواحی علاقے ماچھی والا کے قریب پیش آیا، ابتدائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

آئینی عدالت فیصلے کیخلاف خیبر پختونخوا میں وکلا کا عدالتی بائیکاٹ

ونسل متعلقہ مقدمے میں فریق بننے کے لیے بھی درخواست دائر کریگی، رفیق مہمند

پشاور (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں گورنر راج سے متعلق وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے کے خلاف خیبر پختونخوا بار کونسل کی اپیل پر وکلا نے آج پشاور ہائی کورٹ سمیت صوبے کی تمام ماتحت عدالتوں کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ گزشتہ ہفتے وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان اور جسٹس عامر فاروق پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے خیبر پختونخوا حکومت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

چاند نظر نہیں آیا، یکم جمادی الثانی 12 نومبر کو ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے اعلان کیا ہے کہ جمادی الثانی 1448 ہجری کا چاند نظر نہیں آیا۔ وزارت مذہبی امور کے اعلان کے بعد ملک بھر میں یکم جمادی الثانی جمعرات 12 نومبر کو ہوگی۔

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088 / 0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

ہر غلطی یا کوتاہی کو گناہِ کبیرہ قرار نہیں دے لینا چاہئے!

پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اِس وقت معاشی مشکلات کا شکار ہے، کسی سے جھگڑنے کے بجائے تمام سیاسی اور صوبائی سٹیک ہولڈرز سے بات چیت کی جائے، اگر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور مولانا فضل الرحمان سے لڑتے رہیں گے تو ترقی کب کریں گے؟ لاڑکانہ میں 600 بستروں پر مشتمل نئے ہسپتال کا سنگِ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کو سیاسی اختلافات ختم کر کے معاشی چیلنجوں سے نمٹنے پر توجہ دینی چاہئے۔ بلاول بھٹو زرداری کا یہ بھی کہنا تھا کہ دنیا بھر میں معاشی بحران ہے اور پاکستانی عوام کا جینا بھی مشکل ہو گیا ہے، اِن حالات میں ہر کسی سے جھگڑنے کے بجائے بات چیت کا راستہ اختیار کرنا چاہئے۔ انتخابی اصلاحات سے متعلق کمیٹی میں پی ٹی آئی کو شریک ہونا چاہئے، وہ انتخابی اصلاحات کے عمل میں شامل نہیں ہوتی تو پھر دھاندلی کا رونا بھی نہ روئے۔ انہوں نے پیشکش بھی کی کہ حکومت اور پی ٹی آئی دہشت گردی کے خلاف آپریشن پر اتفاق کر لیں تو وزیراعظم کو گورنر راج اٹھانے کا کہوں گا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے مزید کہا کہ افغانستان اور بھارت سے بھی لڑ رہے ہیں، اندرونی سیاسی لڑائیاں بھی جاری رہیں تو پھر ملک کو درپیش معاشی چیلنجوں کا مقابلہ کیسے کریں گے؟ وہ سابق وزیر خارجہ کی حیثیت سے وفاقی حکومت کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اختلافات ختم کر کے ملک کی معاشی صورتحال پر توجہ دے، اُسے صوبائی اور سیاسی سٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطے برقرار رکھنے چاہئیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے یہ بھی بتایا کہ اُن کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات بہت مثبت رہی، جس میں مل کر حکمت عملی بنائی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر کام کریں۔ بلاول بھٹو نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے وزیراعظم کو وفاقی کابینہ کے اجلاس مختلف صوبوں میں منعقد کرنے کی تجویز دی ہے۔

حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان سیاسی تناؤ تو گزشتہ چند سالوں سے جاری ہے لیکن جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے امیر مولانا فضل الرحمان سے تعلقات تو مٹھاس سے بھرپور رہے ہیں، وہ اُس پاکستان ڈیموکریٹک الائنس (پی ڈی ایم) کی قیادت کر رہے تھے جس نے پی ٹی آئی کی وفاقی حکومت تحریک عدم اعتماد کے ذریعے ختم کی تھی۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی لگا کر پی ٹی آئی کی حکومت معزول کی گئی تو مولانا فضل الرحمان نے اس سے پیشتر حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مصالحت کرانے کے لئے پیش قدمی کی تھی، اس میں کامیابی نہیں ہو سکی تو مولانا کا لہجہ تلخ ہو گیا۔ انہیں وفاقی حکومت سے شدید شکایات پیدا ہو گئیں جس کا برملا اظہار بھی کر دیا۔ قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ریاستی اداروں کے بارے میں غیر محتاط الفاظ کہے تو وزیر دفاع اور وزیر داخلہ کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا۔ اُن کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے انہیں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے معاملے پر سیاسی ڈیڈلاک ختم کرانے کے لئے کردار ادا کرنے کو کہا تھا لیکن بعد میں حکومت نے اپنا مؤقف تبدیل کر لیا۔

خواجہ آصف نے اگلے روز اسمبلی فلور پر اُن کی تقریر کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اقتدار میں حصہ نہ ملنے پر اُن کا رویہ تبدیل ہو جاتا ہے، خیبر پختونخوا کے موجودہ حکومتی سیٹ اَپ میں حصہ دے دیا جاتا تو شاید وہ ایوان میں ایسی تقریر نہ کرتے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی مولانا کو جواب شدید جذباتی انداز میں دیا اور ان پر الزامات کی بوچھاڑ کر دی۔ اُنہوں نے پی ٹی آئی سینیٹر علی ظفر کو مخاطب کرتے ہوئے یہ دعویٰ کیا کہ گورنر راج نافذ ہونے سے پہلے جے یو آئی کے بعض رہنما خود حکومت سے کہتے تھے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کیا جائے اور پی ٹی آئی حکومت سے جان چھڑائی جائے۔ اس کے بعد مولانا کے حامیوں اور بعض وزرائے کرام میں بیانات کا تبادلہ شروع ہو گیا۔ ساتھ ہی خبریں آئیں کہ اُن کے صاحبزادے اور سابق وفاقی وزیر کو پاکستان پوسٹ آفس میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں اور مالی بے ضابطگیوں پر نیب اور فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کے نوٹس ملے ہیں۔ مولانا کے قریبی دوستوں اور اُن سے منسلک مدارس کو بھی کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اور ایف آئی کی طرف سے کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جے یو آئی نے اِسے سیاسی انتقام قرار دیا تاہم وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کا کہنا تھا کی سی ڈی اے کے نوٹسوں کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے، اسلام آباد میں تجاوزات کے خلاف ایک سال سے زائد عرصے سے آپریشن جاری ہے۔

وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثنا اللہ کا کہنا ہے کہ مولانا ناراض ہیں لیکن حکومت مولانا کو سیاسی طور پر اپنے خلاف کھڑا نہیں کرنا چاہتی، وزیراعظم اُن کا احترام کرتے ہیں، دونوں کے درمیان اختلافِ رائے ضرور ہے لیکن اسے سیاسی تصادم نہیں سمجھنا چاہئے۔ اُنہوں نے واضح کیا کہ مولانا فضل الرحمان نے ان سے کبھی گورنرشپ یا کوئی دوسرا حکومتی عہدہ طلب نہیں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت میں مولانا کے بیانات کو لے کر دو مختلف موقف پائے جاتے ہیں۔ یہی وہ معاملہ ہے جسے درست کرنے کی ضرورت ہے، بلاول بھٹو زرداری نے اسی طرف توجہ دلائی ہے، وزیراعظم کو اِس معاملے کا نوٹس لینا چاہئے تاکہ معاملات میں بہتری آ سکے۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر جناب نواز شریف کو بھی اپنی جماعت کی صفیں درست کرنی چاہئیں۔ بلاول بھٹو کی بات درست ہے کہ آپس میں لڑتے جھگڑتے رہنے سے ملک ترقی نہیں کر سکتا، بہتر یہی ہے کہ اختلافات کو ہوا دینے اور آپس میں لڑتے جھگڑتے رہنے کے بجائے مل بیٹھ کر معاملات طے کریں۔ بھول چوک کو معاف کر کے آگے بڑھیں۔ ہر غلطی یا کوتاہی کو گناہِ کبیرہ قرار نہیں دے لینا چاہئے۔ ایک دوسرے کی خطاؤں سے درگزر کرنا سب ہی کے مفاد میں ہے۔

ٹرمپ کی شکست

ٹرمپ اب بھی امریکی صدر ہیں تاہم وسط مدتی انتخابات کے نتائج نے ان کے اقتدار کے لیئے سنگین خطرات ضرور پیدا کر دیئے ہیں اور وہ اب ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر چلنے پر بھی آمادہ نظر آتے ہیں جبکہ انہوں نے اپنی شکست تسلیم بھی کر لی ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق امریکی مڈ ٹرم انتخابات میں ٹرمپ کی جماعت ری پبلکنز کو بری طرح ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا ہے اور ڈیموکریٹس کو دونوں ایوانوں میں سادہ اکثریت کے ساتھ برتری حاصل ہو گئی ہے۔ انتخابی نتائج کے مطابق ڈیمو کریٹس پارٹی کی ایوان نمائندگان میں 241، اور سینٹ میں 54 نشستیں ہو گئی ہیں جبکہ اس وقت ری پبلکنز کے پاس ایوان نمائندگان میں 163، اور سینیٹ میں 44 نشستیں ہیں۔ اسی طرح ریاستی گورنرز کے انتخابات میں بھی ڈیموکریٹس کو نمایاں برتری حاصل ہو چکی ہے اور اس وقت ڈیموکریٹس گورنرز کی تعداد 28 ہے جبکہ ری پبلکنز گورنرز 20 رہ گئے ہیں۔



میڈیا رپورٹس میں انتخابی نتائج کے ابتدائی رجحانات کو صدر ٹرمپ اور ان کی جماعت کے لئے بڑے سیاسی نقصان سے تعبیر کیا جا رہا ہے جبکہ نائب امریکی صدر جے ڈی وینس کے علاوہ صدر ٹرمپ نے بھی ایران جنگ کو اپنی پارٹی کی شکست کی وجہ قرار دیا ہے۔ جے ڈی وینس نے تو اپنے ردعمل میں یہ بھی باور کرایا ہے کہ اب امریکہ کو ایران جنگ سے نکلنا ہوگا اور اسرائیل کے ساتھ تعلقات کی پالیسی تبدیل کرنا پڑے گی۔ علاوہ ازیں ری پبلکنز پارٹی کے دوسرے کئی لیڈروں اور سیاسی حکمتِ عملی کے ماہرین نے بھی شکست کی ذمہ داری ٹرمپ پر ڈالنا شروع کر دی ہے جس پر ٹرمپ نے کہا ہے کہ اگر امریکی عوام ان سے نالاں ہیں تو وہ اسرائیل کی وزارتِ عظمیٰ سنبھال لیں گے۔ دوسری جانب ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ علی خامنائی نے امریکی انتخابی نتائج پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب امریکہ کے ناقابل شکست ہونے کا تصور ختم ہو گیا ہے اور امریکی بالادستی کا خاتمہ قریب ہے۔ ان کے بقول واشنگٹن ہمارا دشمن ہی رہے گا۔ اسی طرح سپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر علی قالیباف کا کہنا ہے کہ امریکیوں نے ایران کے خلاف جنگ مسترد کر دی ہے۔ علاوہ ازیں یورپی یونین کا بھی یہی کہنا ہے کہ ٹرمپ کی پالیسیوں پر امریکی ووٹرز نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے۔ برطانیہ کی طرف سے یہ ردعمل سامنے آیا ہے کہ امریکہ کے پاس عالمی امن کے لیئے متحد ہونے کا آج بہترین موقع ہے، چین نے ٹرمپ کی پارٹی کی شکست کو امریکہ کا اندرونی معاملہ قرار دیا ہے۔ یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ امریکی وسط مدتی انتخابات میں متعدد مسلمانوں اور پاکستانی نژاد امریکی امیدواروں کو بھی نمایاں کامیابی حاصل ہوئی اور عبدالسید کو امریکہ کا پہلا مسلم سینیٹر منتخب ہونے کا اعزاز حاصل ہو گیا جن کا گزشتہ روز ٹرمپ کے ساتھ دلچسپ ڈائیلاگ بھی ہوا۔

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی ری پبلکن پارٹی کو جس بدترین انتخابی شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے، وہ محض امریکی سیاست میں اقتدار کی تبدیلی یا پارلیمانی اکثریت کے الٹ پھیر کا معاملہ نہیں بلکہ ٹرمپ انتظامیہ کی جنگی جنون، دوسرے ممالک کے اندرونی معاملات میں مداخلت اور بالادستی کے تصور پر مبنی پالیسیوں کے خلاف امریکی عوام کا واضح فیصلہ ہے۔ ان انتخابات میں ڈیموکریٹس نے امریکی کانگریس کے دونوں ایوانوں کا کنٹرول حاصل کر کے ٹرمپ انتظامیہ کے لیے ایک بڑا سیاسی چیلنج کھڑا کر دیا ہے۔ یہ شکست اس اعتبار سے بھی غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے کہ ٹرمپ نے اپنی دوسری صدارتی مدت کے پہلے دو برسوں میں جس جارحانہ انداز سے امریکی خارجہ پالیسی چلائی، اس کے خلاف خود امریکی عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے۔

تین نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات کے ابتدائی نتائج کے مطابق ڈیموکریٹس نے سینیٹ میں کم از کم 54 نشستیں حاصل کر کے ری پبلکنز کو 44 نشستوں تک محدود کر دیا ہے، جبکہ ایوان نمائندگان میں بھی ڈیموکریٹس نے واضح برتری حاصل کر لی ہے۔ بعض حلقوں میں ووٹوں کی گنتی اور نتائج کی حتمی تکمیل ابھی باقی ہے، تاہم دونوں ایوانوں میں ڈیموکریٹس کی کامیابی واضح ہو چکی ہے۔ گورنرز کے انتخابات میں بھی ڈیموکریٹس نے کئی اہم ریاستوں میں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ یوں امریکی عوام نے ٹرمپ کی پالیسیوں پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جماعت کو اقتدار کے ایوانوں میں تنہا کرنے کا راستہ اختیار کیا ہے۔

ان انتخابی نتائج کا سب سے اہم پہلو ایران کے ساتھ امریکہ کی جنگ ہے جس نے امریکی عوام کو شدید معاشی اور سیاسی مشکلات سے دوچار کیا۔ جنگ کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، امریکہ میں پٹرول اور توانائی کے اخراجات بڑھے اور پہلے سے مہنگائی کے ستائے عوام پر مزید بوجھ پڑا۔ امریکی عوام کو یہ سوال پریشان کرتا رہا کہ ان کے اپنے ملک میں مہنگائی، روزگار، صحت اور عوامی سہولتوں کے مسائل موجود ہیں تو ان کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والی دولت دوسرے ممالک کے خلاف جنگی کارروائیوں پر کیوں خرچ کی جا رہی ہے؟ یہی وہ عوامی اضطراب تھا جسے ڈیموکریٹس نے انتخابی مہم میں بھرپور انداز میں اجاگر کیا اور بالآخر ٹرمپ کی جنگی پالیسیوں کو ان کی جماعت کی انتخابی شکست کا ایک بڑا سبب بنا دیا۔

اسرائیل کے ساتھ ٹرمپ انتظامیہ کے گہرے تزویراتی گٹھ جوڑ اور ایران کے خلاف جارحانہ اقدامات نے بھی امریکی عوام کے ایک بڑے طبقے میں تشویش پیدا کی۔ امریکہ کی جانب سے اسرائیل کے دفاع اور مفادات کے لیے جس انداز میں اپنی خارجہ پالیسی کو جنگی محاذ آرائی سے جوڑا گیا، اس پر امریکی معاشرے کے اندر سوالات اٹھتے رہے۔ بالخصوص ایران کے خلاف جنگ نے یہ تاثر مزید گہرا کیا کہ امریکی قیادت اپنے عوام کی بنیادی ضروریات اور امنگوں کے بجائے اسرائیل کی ترجیحات کو زیادہ اہمیت دے رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انتخابی نتائج کو ٹرمپ کی ایران پالیسی اور اسرائیل کے ساتھ ان کے غیر مشروط تعاون کے خلاف عوامی ردعمل کے طور پر بھی دیکھا جا رہا ہے۔

نیتن یاہو کے بعد ٹرمپ کی شرمناک شکست!

اسرائیل برطانیہ کا تخلیق کردہ ناجائز بچہ ہے جو عربوں کے سینے پر خنجر کی شکل میں پیوست کیا گیا۔ اس وقت برطانیہ سپریم عالمی طاقت تھی اس نے اسرائیل کے ناجائز بچے کی ولادت کرائی۔ یہ پیدائش خالصتاً مذہبی جذبے کے تحت کی گئی ایک طرف بائبل کے مندرجات کے مطابق یہودی اللہ کی چنیدہ قوم ہیں اور اللہ نے انہیں یہ سرزمین عطا کی تھی اور ان سے وعدہ کیا گیا کہ لہواہ انہیں ایک بار پھر وہاں اکٹھا کرے گا۔ ریاست اسرائیل انہیں اکٹھا کرنے کے خدائی وعدے کی تکمیل تصور کی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ جب برطانوی افواج نے جنگ عظیم میں شہر مقدس پر قبضہ کیا اور عربوں کو وہاں سے بے دخل کیا تو برطانوی جرنیل ایلن بی ننگے پاؤں اس شہر میں اسی دروازے سے داخل ہوا جہاں سے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام داخل ہوا کرتے تھے پھر یہ مذہبی جذبہ بھی تھا جس کے تحت انہوں نے اس شہر کی کنجی اسرائیلیوں کے حوالے کی۔ دوسرا مذہبی جذبہ مسلمانوں سے نفرت کا تھا صلیبی دور کی نفرت، جس نے انگریزوں و دیگر یورپی عیسائی اقوام کو عثمانیوں کے خلاف متحرک کیا تھا۔ پھر امریکہ عالمی طاقت بنا تو اس نے اسرائیل کو اسی جذبے کے تحت گود لے لیا اور اس کی حفاظت و تعمیر و ترقی کا فریضہ سنبھالا۔ اسرائیل کی حفاظت امریکی ریاستی پالیسی کا حصہ ہے اسی کے تحت ہر امریکی صدر اسرائیل کی حفاظت کے لئے ہر طرح کے اقدامات کرتا ہے۔ اسرائیل ہر سال 4 ارب ڈالر بطور امداد امریکہ سے وصول کرتا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیل وزیراعظم نیتن یاہو کے "تاریخی تعلقات" کو اسی تناظر میں دیکھنا چاہیے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کٹر سفید فام نسل پرست متعصب صیہونی عیسائی ہے جو آسمانی بادشاہت کے صلیبی عقیدے کے تحت تھرڈ ہیکل کی تعمیر اور مسیح کی آمد ثانی پر ایمان رکھتا ہے جس کے مطابق ریاست اسرائیل کی تعمیر و تقدیس عقیدے کا حصہ ہے۔ نیتن یاہو ایک کٹر صیہونی یہودی ہے جس نے آسمانی بادشاہت کے بائبلی عقیدے کے تحت عظیم اسرائیل کی تعمیر کے نظریے کے تحت عربوں و فلسطینیوں پر آتش و آہن کا جہنم کھول رکھا ہے۔ 2023ء میں غزہ سے حماس کے اسرائیل پر حملوں کے جواب میں جو ضربی جنگ شروع کی تھی اس میں ہزاروں نہیں لاکھوں فلسطینی شہید، زخمی اور بے گھر ہو چکے ہیں۔ 80 فیصد سے زائد رہائشی عمارتیں مکمل طور پر ناقابل رہائش بنا دی گئی ہیں۔ صحت وصفائی کا انفراسٹرکچر مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا ہے۔ مساجد و دیگر عبادت گاہوں کا کہیں کچھ پتہ نہیں ہے کہ ان کے ساتھ کیا ہوا ہے کیونکہ وہ کہیں بھی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ مٹا دی گئی ہیں۔ 28 فروری 2026ء کو اسرائیل و امریکہ نے مل جل کر ایران پر خوفناک جنگ مسلط کی جو ہنوز جاری ہے اس جنگ میں عالمی تیل و اشیاء کی تجارت تباہی کا شکار ہوئی۔ عرب ممالک پر تباہی نازل ہوئی اس جنگ میں ایران نے جس ثابت قدمی اور مقاومتی جنگی حکمت کا مظاہرہ کیا اس نے امریکہ و اسرائیل کے ناقابل تسخیر ہونے کا تصور ہی پاش پاش نہیں کیا بلکہ ان کی حربی و ضربی برتری کا بت پاش پاش کر دیا ہے۔ ایران اور اس کی پراکسیز بشمول حوثی، حزب اللہ و دیگر نے جس طرح امریکی، اسرائیلی مفادات کو نشانہ بنانا شروع کر رکھا ہے اس سے جنگ نے کچھ اور ہی شکل اختیار کر لی ہے۔ عرب تباہی کا شکار ہو رہے ہیں۔ نیتن یاہو انتخابات میں شکست کھا چکا ہے اس کا طویل دور اقتدار ختم ہونے کے قریب ہے۔ ریاست اسرائیل کے عوام نے نیتن یاہو کی عرب دشمن پالیسیوں پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے۔ اسرائیل کی 22 لاکھ عرب آبادی نے 19 نشستیں جیت کر ایک بالکل نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ اسرائیل کے عرب ووٹرز نے بھی نیتن یاہو کی فلسطین و عرب دشمن پالیسیوں پر مکمل طور پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے لیکن حیران کن بات یہ ہے



کہ نیتن یاہو کے مقابل آئزن کوٹ بھی نظری و فکری طور پر صیہونی اور فلسطینیوں کا دشمن ہے بلکہ کسی حد تک نیتن یاہو سے بھی زیادہ فلسطینی عرب دشمن۔ دوسری طرف وسط مدتی انتخابات میں امریکی عوام نے بڑی وضاحت کے ساتھ ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے۔ ٹرمپ کی ریپبلکن پارٹی کے امیدوار بری طرح پٹ گئے ہیں۔ ڈیموکریٹس ہاؤس آف ریپریزنٹیٹیو اور سینیٹ میں واضح اکثریت حاصل کر گئے ہیں۔ ٹرمپ پارٹی کو بری طرح شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ عوامی زبان میں ٹرمپ پارٹی کا صفایا ہو گیا ہے۔ امریکیوں نے ٹرمپ پالیسیوں پر مکمل طور پر عدم اظہار کر دیا ہے، لیکن ہمیں ذرا مستقبل قریب میں پیش آئند حالات پر ضرور غور کرنا چاہیے۔ نیتن یاہو کی شکست کے بعد جو بھی حکومت بنے گی کیا وہ فلسطینیوں و عربوں کے لئے امن کا پیغام لائے گی۔

امریکہ میں ڈیموکریٹس جیت چکے ہیں۔ ٹرمپ پارٹی ہار گئی ہے کیا ایران کے ساتھ جاری جنگ رک جائے گی؟ کیا دنیا میں امن آ جائے گا؟ اس کا جواب نفی میں ہے کیونکہ ڈیموکریٹس جنگ باز ہیں جنگوں کو فروغ دیتے رہے ہیں۔ ایٹم بم کی تیاری ہو یا جاپان پر ایٹم بم گرائے جانے کی کہانی۔ سب ڈیموکریٹس صدور کے ادوار میں ہوا۔ پہلی اور دوسری جنگ عظیم کے وقت بھی امریکہ پر ڈیمو کریٹس صدور فائز تھے۔ جنگِ ویتنام شروع کرنے میں بھی ڈیموکریٹ صدر کا ہی نام آتا ہے۔


نیتن یاہو کے مخالف آئزن کوٹ، عرب پارٹیوں کے تعاون سے اسرائیلی حکومت بنانے جا رہے ہیں تو کیا نیتن یاہو کے جانے کے بعد فلسطینی سکھ کا سانس لے سکیں گے۔

غزہ میں جاری تباہی رک جائے گی، اس کا جواب بھی نفی میں ہے کیونکہ آئزن کوٹ، اپنے مذہبی و سیاسی خیالات میں نیتن یاہو سے بڑھ کر صیہونی اسرائیلی ہے اور فلسطینیوں کے حق حکمرانی کا دشمن ہے۔ چہروں کی تبدیلی سے جاری حالات میں بہتری کے امکانات نظر نہیں آ رہے، ہاں طے شدہ اہداف کے حصول کے لئے امریکی اسرائیلی حکمت عملی میں تبدیلی دیکھنے میں آ سکتی ہے۔ ٹرمپ اور یاہو ایران پر کاری ضرب نہیں لگا سکے۔ ایران سے ہرمز کا کنٹرول واپس نہیں لے سکے بلکہ باب المندب پر بھی حوثیوں کا کنٹرول بڑھا چکے ہیں۔ طے شدہ اہداف کے حصول کے لئے وہ درست حکمت عملی اختیار نہیں کر سکے جس کے باعث ایران میں نہ تو رجیم تبدیل ہو سکی نہ ہی اس کی قوت مقاومت کمزور کی جا سکی اور نہ ہی عالمی تجارت پر اس جنگ کے ساؤں کی نحوست کو ختم کر سکے دیکھتے ہیں کہ آئندہ حالات و واقعات دنیا کے لئے کیا پیغام لاتے ہیں۔

کرپشن کا کمبل اور دعوے!

اندر کی خبر لانے کا دعویٰ کرنے والے مخبرانِ کرام یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کرپشن کے خلاف علم اُٹھا لیا ہے اور اب پنجاب میں کوئی کرپٹ افسر چاہے وہ کسی بھی محکمے کا ہو بچ نہیں سکے گا، ست بسم اللہ جی، اندھے کو اور کیا چاہئے، دو آنکھیں اور بھوکے کو کیا چاہئے، دو روٹیاں۔ ایسی خبریں جھوٹی بھی ہوں تو کچھ وقت کے لئے دِل خوش ہو جاتا ہے۔ ہمیں تو یہ خبر بھی خوش کر دیتی ہے کہ وزیراعلیٰ کے اس حکم کی وجہ سے افسروں میں خوف پھیل گیا ہے اس ملک میں سب سے بڑی بریکنگ نیوز بنتی بھی یہی ہے کہ افسر خوفزدہ ہو گئے ہیں، وگرنہ یہ مخلوق تو صرف خوف پھیلانے کے لئے رکھی گئی ہے۔ ایک سابق خاتون ڈی سی کے خلاف انکوائری کی خبر آئی تو ایک سراسیمگی اور حیرت نے جنم لیا ہے۔ ابھی کل ہی میں پاکستان انڈمنسٹریٹو سروس (پی اے ایس) کی ایک پریس ریلیز دیکھ رہا تھا، جس میں اِس بات پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا تھا کہ بلاثبوت کسی افسر کے خلاف کارروائی یا خبر جاری کرنے سے اس سروس کے افسروں میں شدید اضطراب پایا جاتا ہے، یعنی اب بات یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ سی ایس پی افسروں کو یہ بھی گوارا نہیں کہ حکومت نے اگر کسی کرپشن کا نوٹس لیا ہے تو اُس میں ملوث کسی افسر کا نام تک نہ لیا جائے۔ سیاستدان چاہے کچھ کریں یا نہ کریں انہیں صبح و شام رگیدا جائے، کسی کو کوئی پرواہ نہیں مگر دودھ کے دھلوں کی طرف انگلی اٹھانا بھی ایک گناہ ہے، اس لئے احتیاط کی جائے۔ یہاں تو یہ حال ہے کہ ایک وفاقی وزیر پنجاب میں کرپشن سے بھری الماریوں کے انکشاف کر دیتا ہے مگر ثبوت نہیں دیتا اور کہتا ہے بھائیو بتا دیا ہے، اب تم خود ہی ڈھونڈ لو۔ ویسے میں نے بہت عرصے سے اب یہ رویہ اپنا رکھا ہے کہ کسی کی کرپشن بارے کوئی بات کرتے تو سنتا ہی نہیں ہوں، یعنی صبر وضبط کی بھی کوئی حد ہوتی ہے۔ نصف صدی گذرنے کو ہے صحافت کرتے کرتے، کب یہ بات نہیں سنی کہ ملک میں کرپشن ہو رہی ہے۔ یہاں تو کرپشن کی وجہ سے حکومتیں برطرف ہوتی رہی ہیں۔ کسی افسر کی کارکردگی کو دیکھنا تو گوارا نہیں کرتے البتہ یہ الزام پہلے لگاتے ہیں کہ وہ لوٹ کر گیا ہے۔ نہ کبھی سزا ہوتی ہے اور نہ ہی کرپشن ختم ہوتی ہے، پھر اس طوق کے ڈھول کو گلے میں ڈال کے بجانے کا فائدہ کیا ہے۔ مملکتِ پاکستان میں کس حکومت یا کس خاندان کی کرپشن کے حوالے سے کہانیاں، بلکہ بڑی بڑی داستانیں نہیں سنائی گئیں۔

جہاں تک وطن عزیز میں کرپشن کا تعلق ہے وہ ہمیشہ دو طرح کی رہی ہے۔ ایک کرپشن وہ ہے جو حکومتی منصوبوں میں کی جاتی ہے، اربوں روپے کے منصوبوں میں کک بیک اور کرپشن کی شکایات ہر دور میں عام رہی ہیں۔ یہ کرپشن سیاستدانوں کی سطح پر بھی ہوتی ہے اور افسروں کی سطح پر بھی۔ موجودہ پنجاب حکومت کے دور میں البتہ یہ ہوا کہ منصوبے منظور ہو کر سرکاری افسروں کے ذریعے مکمل کرائے جاتے رہے۔ سیاستدان حتیٰ کہ حکومت سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی بھی بے خبر رہے۔ اس کے خلاف آوازیں بھی اٹھیں مگر صدا بصحرا ثابت ہوئیں۔ افسروں کو جتنا بااختیار اور طاقتور اس دور میں بنایا گیا ہے پہلے کبھی نہیں تھے۔ پہلی بار یہ بھی ہوا کہ مریم نواز نے لاہور سے باہر بھی ترقیاتی منصوبے دیئے۔ گجرات کو اتنے زیادہ فنڈز دے دیئے کہ خود گجراتی حیرت سے انگشت بدنداں رہ گئے۔ چودھری خاندان کو شاید اپنی کم مائیگی کا احساس بھی اسی لئے ہوا کہ اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے اُن کی دسترس سے باہر کیوں رکھے گئے، درمیان میں بات ڈپٹی کمشنر اپنی مرضی کا لگانے کی بھی آئی جس کا جواب چودھری سالک نے یہ دیا کہ وہ اپنی پسند کا ڈپٹی کمشنر نہیں لگوانا چاہتے تھے بلکہ یہ چاہتے تھے کہ اتنے بڑے میگا پراجیکٹس کیلئے کوئی تجربہ کار ڈی سی ہونا چاہئے۔ گویا وہ یہ تو مان گئے کہ گجرات کو میگا پراجیکٹس دیئے گئے ہیں البتہ یہ بات سمجھ سے بالا تر ہے کہ وہ تجربہ کار ڈپٹی کمشنر کسے سمجھتے ہیں۔ گجرات جیسے اضلاع میں ہمیشہ 18 ویں یا زیادہ سے زیادہ 19 ویں گریڈ کا سی ایس ایس افسر ڈپٹی کمشنر لگتا ہے۔ جتنا دوسرے افسروں کا تجربہ ہوتا ہے اتنا ہی ہر تعینات ہونے والے افسر کے پاس



ہوتا ہے، سوائے پسند نہ پسند کے اور کوئی فرق نہیں، تو اس صورت میں ڈی سی بدلوانے کی خواہش کیا معنی رکھتی ہے۔ خیر یہ تو اب ذرا اوپر کا معاملہ بن گیا ہے۔ شاید عدالت میں بھی جائے۔ تاہم میں یہ سوچ رہا ہوں اگر واقعی پنجاب میں کرپشن کے خلاف کوئی لہر آنے والی ہے اور پنجاب حکومت نے عزم کر لیا ہے میں تو اگر مگر کے بغیر اُس کی حمایت کرتا ہوں۔ یہ تو ایک بڑا جہاد ہوگا۔ کرپشن کی دیمک نے تو ہمیں اندر سے کھوکھلا کر دیا ہے۔ نہ صرف قومی خزانے سے مختلف منصوبوں پر خرچ ہونے والی رقم کے ایک ایک پیسے کا حساب ہو، بلکہ کرپشن کی جو گنگا سرکاری دفاتر میں بہہ رہی ہے اُس کے ذمہ داروں کے گرد بھی گھیرا تنگ ہونا چاہئے۔ مریم نواز جس طرح پورے اختیارات کے ساتھ وزارتِ اعلیٰ کا منصب سنبھالے ہوئے ہیں، اگر وہ یہ معجزہ دکھانے میں کامیاب رہتی ہیں کہ پنجاب کرپشن فری صوبہ بن جائے تو اُن کی سیاسی قدر و منزلت میں یقیناً اضافہ ہوگا۔ یہ آسان کام ہر گز نہیں ہے، ویسے بھی پنجاب میں ہمیشہ یہ تاثر رہا ہے کہ بیورو کریسی مسلم لیگ (ن) کے دور میں خود کو سب سے زیادہ محفوظ سمجھتی ہے۔ کہیں رشتہ داریاں اور کہیں سیاسی چھتر چھاؤں انہیں اچھی پوسٹنگ بھی دلاتی ہے اور برے وقت سے بھی بچاتی ہے۔ اگر پاکستان ایڈمنسٹریٹر سروس کو افسروں کے خلاف کارروائیوں کے امکانات پر پریس ریلیز جاری کرنا پڑ گیا ہے تو اس میں عقل والوں کے لئے بہت نشانیاں ہیں۔ کہیں کوئی تپش ضرور محسوس ہو رہی ہے۔ ہاں اُن کی اِس بات پر توجہ دی جانی چاہئے کہ کسی کو پسند ناپسند کی وجہ سے نشانہ نہ بنایا جائے۔ افسروں کو بھی سوچنا چاہئے کہ زمانہ بدل گیا ہے۔ اب عوام کو بھیڑ بکریاں سمجھنے کا دور نہیں رہا۔ کچھ کر کے دکھائیں تاکہ عوام کے دِلوں میں بھی اُن کے لئے نفرت میں کمی اور محبت میں اضافہ ہو۔



فرمودات قائد

مجھے اس پر فخر ہے کہ پاکستان میں ایک ایسی قوم آباد ہے جس کے افراد محنتی، باعزم اور باحوصلہ ہیں اور انکی روایات سے ظاہر ہے کہ انہوں نے شاندار کارنامے سرانجام دینے میں منفرد و ممتاز مقام حاصل کر رکھا ہے۔
(چٹا گانگ کے ایک استقبالیہ میں 26 مارچ)

شہرنامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت



موٹی ہوں! لوگوں کو بار بار یاد دلانے کی ضرورت نہیں، وینا ملک



کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی معروف اداکارہ اور میزبان وینا ملک نے وزن بڑھنے پر مسلسل تنقید اور مذاق کا نشانہ بنائے جانے پر خاموشی توڑ دی۔ حال ہی میں نجی ٹی وی کے مارننگ شو 'وینا ہے نا' میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے اپنے وزن سے متعلق لوگوں کے طنزیہ تبصروں پر ناراضی کا اظہار کیا۔ اداکارہ نے کہا کہ وہ یہ سن کر تھک چکی ہیں کہ ان کا وزن بڑھ گیا ہے، وہ موٹی ہو گئی ہیں یا بھینس جیسی دکھائی دیتی ہیں۔ وینا ملک کا کہنا تھا کہ پہلے انہیں زیادہ وزن والے افراد کی تکلیف کا اندازہ نہیں تھا، لیکن اب وہ خود اس صورتحال سے گزر رہی ہیں۔ انہیں معلوم ہے کہ ان کا وزن بڑھ چکا ہے اور اسے کم کرنے کی ضرورت ہے لیکن لوگوں کو بار بار یاد دلانے کی ضرورت نہیں۔ وینا ملک کے بیان پر متعدد صارفین نے ان کی حمایت کرتے ہوئے جسمانی ساخت پر طنز کرنے کے رجحان کو تنقید کا نشانہ بنایا جبکہ بعض نے ان کے لباس اور اسٹائل پر تبصرے کیے۔

کترینہ کیف اور وکی کوشل نے مداحوں کو پہلی بار بیٹے کا چہرہ دکھا دیا



ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ کترینہ کیف اور ان کے شوہر وکی کوشل نے دیوالی کے موقع پر اپنے بیٹے ویہان کا چہرہ پہلی بار مداحوں کو دکھا دیا۔ جوڑے نے 8 نومبر کو انسٹاگرام پر اپنی فیملی کی خوبصورت تصویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو دیوالی کی مبارکباد دی جس میں ننھے ویہان کو اپنے والدین کے ساتھ روایتی لباس میں دیکھا گیا۔ کترینہ اور وکی نے پوسٹ کے کیپشن میں لکھا کہ یہ ان کی زندگی کی سب سے روشن دیوالی ہے اور انہوں نے سب کے لیے محبت، روشنی اور خوشیوں کی دعا کی۔ تصویر سامنے آتے ہی مداحوں نے ننھے ویہان پر محبت نچھاور کر دی۔ واضح رہے کہ جوڑے نے 7 نومبر 2025 کو اپنے پہلے بیٹے کی پیدائش کا اعلان کیا تھا۔

معاذ صفدر کے ہاں بیٹی کی پیدائش، خوبصورت تصاویر بھی شیئر کر دیں



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان کے معروف یوٹیوبر معاذ صفدر اور ان کی اہلیہ صبا معاذ کے ہاں بیٹی کی پیدائش ہوئی ہے جس پر مداحوں اور شوبز شخصیات کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے۔ صبا معاذ نے انسٹاگرام پر نومولود بیٹی کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو خوشخبری سنائی اور ایک جذباتی پیغام بھی لکھا۔ صبا معاذ نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ بعض نعمتیں دل کے بے حد قریب ہوتی ہیں کیونکہ انہیں بہت دعاؤں کے بعد حاصل کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ننھی بیٹی بھی ان کی خوبصورت دعاؤں میں سے ایک تھی جسے اللہ تعالیٰ نے حقیقت بنا دیا۔ بیٹی کی پیدائش پر کنول آفتاب، لائبہ خرم، علیزہ سلطان اور دیگر سوشل میڈیا شخصیات نے جوڑے کو مبارکباد دی۔

اداکارہ میرا کی چھوٹی بہن شائستہ عباس کینسر کے باعث انتقال کر گئیں



کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی معروف اداکارہ میرا کی چھوٹی بہن شائستہ عباس برطانیہ میں کینسر سے طویل جنگ لڑنے کے بعد انتقال کر گئیں۔ شائستہ عباس کے انتقال کی خبر میاں شہباز احمد نے شیئر کی۔ مرحومہ گزشتہ تقریباً 3 سال سے کینسر کی آخری اسٹیج میں مبتلا تھیں اور برطانیہ میں زیر علاج تھیں۔ وہ 4 سالہ بچے کی والدہ بھی تھیں۔ پیشے کے اعتبار سے وکیل تھیں جبکہ وہ اداکاری کے شعبے سے بھی وابستہ رہ چکی تھیں۔ انہوں نے ٹی وی ون کے ڈرامے 'سیپ' میں اداکاری کی تھی۔ رپورٹس کے مطابق شائستہ کی والدہ شفقت بیگم آخری ایام میں ان کے ساتھ موجود تھیں، تاہم اداکارہ میرا ویزا نہ ملنے کے باعث برطانیہ نہیں جا سکیں۔ شائستہ عباس کے انتقال پر شوبز شخصیات اور مداحوں نے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے اہلِ خانہ سے تعزیت کی ہے۔

ریما خان بڑے فلمی منصوبے کیساتھ سلور اسکرین پر واپسی کیلئے تیار



کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ ریما خان نے ایک بڑے سنیما پروجیکٹ کے ذریعے فلمی دنیا میں واپسی کا فیصلہ کر لیا۔ ریما خان نے ہدایت کار اور پروڈیوسر وجاہت رؤف کی نئی فلم 'پنچھی پیارے' سائن کر لی ہے۔ وجاہت رؤف نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اداکارہ کی فلمی دنیا میں واپسی کا اعلان کرتے ہوئے ان کے ساتھ کام کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ ریما خان کا شمار پاکستان کی مقبول فلمی اداکاراؤں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے 1990ء کی دہائی میں شوبز انڈسٹری میں قدم رکھا اور اپنے طویل فلمی کیریئر کے دوران متعدد فلموں میں اداکاری کی۔ ڈاکٹر طارق شہاب سے شادی کے بعد ریما خان امریکا منتقل ہو گئی تھیں جہاں وہ اپنی خاندانی زندگی پر توجہ دے رہی تھیں اور طویل عرصے سے اداکاری سے دور تھیں۔ اداکارہ کی فلمی واپسی کی خبر سامنے آنے پر مداحوں اور شوبز شخصیات نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔ عمران عباس، زویا ناصر اور علی رحمان خان سمیت متعدد فنکاروں نے ریما خان اور وجاہت رؤف کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 1

تقریب منعقد ہوئی۔تقریب میں اہلیان علاقہ سمیت راولپنڈی اور اسلام آباد کے کاروباری شخصیات، بیوروکریٹس، بزرگوں، سینئر شہریوں اور نوجوانوں نے شرکت کی۔شرکاء نے سماجی ترقی اور معاشرے کی بہتری کے لیے اجتماعی کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایڈووکیٹ ملک شہباز رشید نے تقریب میں شرکت کرنے والے تمام معزز مہمانوں اور اہل علاقہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے ہم سب کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ لائیو فار آدرز کا مقصد کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے ذریعے خدمت خلق اور معاشرتی بہتری کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ دین کی بنیاد پر قدرت کے اصولوں کے مطابق زندگی گزارتے ہوئے دوسروں کی مدد اور فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔تقریب میں شرکت نہ کرسکنے والے احباب کی محبتوں اور دعاؤں کو بھی سراہا گیا۔

بقیہ نمبر 2

فراہم کرتے ہوئے کسی بھی درخواست کو بلاوجہ تاخیر کا شکار نہ ہونے دیا جائے۔اسلام آباد پولیس کی جانب سے شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی اور پولیس و عوام کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 3

، ماحول دوست طرز تعمیر اور بہتر شہری سہولیات کی فراہمی کے ذریعے رہائشی منصوبوں کو مزید موثر اور پائیدار بنایا جاسکتا ہے۔فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی شہری منصوبہ بندی کے جدید اصولوں کو اپناتے ہوئے وفاقی ملازمین کو بہتر، محفوظ اور معیاری رہائشی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے منانے کا مقصد شہری منصوبہ بندی کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور ایک منظم، خوشحال اور پائیدار مستقبل کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ڈائریکٹر پلاننگ نے منسٹر ہاؤسنگ اینڈ ورکس اور سیکرٹری ہاؤسنگ کی دور اندیش قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی سرپرستی میں محکمہ ہاؤسنگ دور جدید کے تقاضوں کے مطابق پائیدار ترقی اور سمارٹ سٹی پلاننگ کی طرف تیزی سے گامزن ہے۔ڈائریکٹر پلاننگ کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ صاحب، سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس احسان علی منگی کی ہدایات کی روشنی میں فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی کی پہلی ترجیح ایسے رہائشی منصوبے بنانا ہے جو نہ صرف ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرسکیں بلکہ ہر شہری کو سستی، محفوظ اور جدید ترین رہائشی سہولیات فراہم کریں۔ڈائریکٹر پلاننگ کا مزید کہنا تھا کہ شہروں کی بے ہنگم ہجرت کو روکنے اور موجودہ وسائل کے بہترین استعمال کے لیے ٹاؤن پلاننگ کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہم انفراسٹرکچر کی بہتری اور شفافیت کے لیے شب وروز کام کررہے ہیں

بقیہ نمبر 4

جاری کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایات جاری کردی ہیں۔پی ڈی ایم اے پنجاب کے مطابق آئندہ 2 روز کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارش کا امکان ہے۔ راولپنڈی، میانوالی، جہلم، منڈی بہاءالدین، اٹک، چکوال، خوشاب، بھکر، سرگودھا، مری اور گردونواح میں بارش متوقع ہے، جبکہ لاہور، قصور، سیالکوٹ، نارووال، گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد، وزیر آباد اور شیخوپورہ میں بھی بارش ہوسکتی ہے۔ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق ڈیرہ غازی خان، لیہ، بھکر اور ملتان میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش جبکہ چند مقامات پر ژالہ باری کا امکان ہے۔بارشوں کے باعث سموگ میں کمی اور سردی کی شدت میں اضافے کی توقع ہے۔دوسری جانب پی ڈی ایم اے خیبر پختونخوا نے 10 سے 14 نومبر کے دوران صوبے کے بالائی اور میدانی علاقوں میں بارشوں اور تیز ہواؤں کا الرٹ جاری کیا ہے۔چترال، دیر، سوات، ملاکنڈ، کوہستان، مانسہرہ اور ایبٹ آباد سمیت مختلف اضلاع میں بارش اور ژالہ باری متوقع ہے، جبکہ پشاور، مردان، صوابی، نوشہرہ، چارسدہ اور کوہاٹ میں بھی بارش کا امکان ہے۔پی ڈی ایم اے کے مطابق بالائی پہاڑی علاقوں میں ہلکی برفباری بھی ہوسکتی ہے، جبکہ بارشوں کے دوران پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔بارشوں کے بعد میدانی علاقوں میں بعض مقامات پر دھند چھائے رہنے کا امکان ہے، جبکہ دن کے درجہ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ کمی متوقع ہے۔ادھر بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بھی گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ بارکھان، ژوب، موسیٰ خیل، کوئٹہ، زیارت، چمن، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، قلات اور خضدار میں بارش کا امکان ہے۔پی ڈی ایم اے پنجاب اور خیبر پختونخوا نے تمام ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے، حساس مقامات، ندی نالوں اور دریاؤں کی نگرانی، نکاسی آب کے نظام کی صفائی اور ریسکیو ٹیموں کو تیار رکھنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔شہریوں اور سیاحوں کو خراب موسم کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کرنے، آندھی اور طوفان کی صورت میں محفوظ مقامات پر رہنے اور آسمانی بجلی سے بچاؤ کے لیے کھلے مقامات پر جانے سے اجتناب کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے خیبر پختونخوا نے ہنگامی صورتحال میں عوام سے ہیلپ لائن 1700 جبکہ پنجاب میں 1129 پر رابطہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ نمبر 5

مطابق شاعر مشرق و مفکر پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کے (یوم ولادت)9 نومبر کے موقع پر کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ میں ایک شاندار و پروقار ریلی نکالی گئی جس میں علامہ محمد اقبال کی قومی و فکری اور ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر جواد مجید سواتی کی ہدایت پر ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عاکف رؤف کی قیادت میں منعقدہ اس ریلی کے شرکاء میں ہسپتال کے ڈاکٹرز پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین نے شرکت نے بھی بھرپور شرکت کی ریلی کے انعقاد کا مقصد علامہ اقبالؒ کے افکار و نظریات، فلسفۂ خودی، قومی خودداری، اتحاد اور عملی جدوجہد کے پیغام کو اجاگر کرنا اور نئی نسل کو ان کی فکری و قومی خدمات سے روشناس کرانا تھا ریلی شرکاء کے مطابق علامہ اقبالؒ کا فکر و فلسفہ آج بھی ایک مضبوط، باشعور اور ترقی یافتہ قوم کی تشکیل کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے

بقیہ نمبر 6

جنہوں نے پیشہ ورانہ مہارت اور موثر تفتیش کے ذریعے فراڈ شدہ رقم میں سے 8 لاکھ روپے برآمد کر لیے۔برآمد شدہ رقم متاثرہ خاتون عظمیٰ شاہین کے حوالے کر دی گئی۔اس موقع پر شکایت کنندہ نے این سی سی آئی اے راولپنڈی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ ادارہ شہریوں کے مالی تحفظ اور فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ مشکوک کالز، پیغامات اور لنکس پر اعتماد نہ کریں اور اپنے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی سائبر جرم کی اطلاع ہیلپ لائن 1799 پر دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں

بقیہ نمبر 7

مطابق آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔اس سلسلے میں پولیس ٹیموں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف کارروائیوں میں 44 ملزمان کو گرفتار کیا۔پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور اس کی نمائش میں ملوث 14 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 14 پستول معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد کیے۔منشیات فروشی میں ملوث 3 ملزمان کے قبضے سے 1450 گرام چرس اور شراب کی 20 بوتلیں برآمد ہوئیں جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف کارروائیوں میں مزید 21 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ڈی آئی جی اسلام آباد علی ہیم نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر دیں تا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے جرائم کی روک تھام یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 8

بورڈ، وائس چیئرمین پاکستان جاپان بزنس فورم سید فیروز شاہ اور انجینئر سید فیضان شاہ نے پاکستان میں جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے نمائندے یوسوکی شیبوزا کی سے اہم ملاقات کی۔ملاقات میں انفراسٹرکچر کی تعمیر کے حوالے سے جائیکا کے پاکستان میں جاری پراجیکٹس، مستقبل میں شروع ہونے والے پراجیکٹ، تجارت، سرمایہ کاری، معیشت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ ،ثقافت ،عوامی روابط اور توانائی کے شعبوں میں وسعت دینے سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر پاکستان میں ترقیاتی سرگرمیوں کو وسعت دینے مختلف شعبوں میں جاپانی تعاون سے استفادہ کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان کاروباری اور ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم بنانے کا عزم کیا گیا۔مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ نے گورنمنٹ آف جاپان کی جانب سے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے زیر اہتمام پاکستان کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں بھرپور معاونت فراہم کرنے کیساتھ ساتھ معاشی استحکام اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان کو گراں قدر مالی معاونت فراہم کرنے پر خصوصی شکریہ ادا کیا۔پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ نے کہا کہ جاپان پاکستان کا کلیدی ترقیاتی پارٹنر ہے جو جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے تحت مختلف شعبوں میں پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں معاونت کر رہا ہے، پاکستان اور جاپان کے درمیان دیرینہ تعلقات ہیں جنہیں باہمی فائدے کیلئے مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے

بقیہ نمبر 9

سے آمدن بڑھانا ہوگی اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہوگا۔ایک ٹیلی ویژن انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کے لیے تین ارب ڈالر کے ڈپازٹ کی مدت میں توسیع کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملکی زرمبادلہ کی پوزیشن مستحکم رکھنے کے لیے اہم سہارا قرار دیا۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ دوست ممالک کی مالی معاونت پر مسلسل انحصار پاکستان کو معاشی طور پر کمزور اور غیر محفوظ بنا سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قریبی دوست ممالک بھی بار بار مالی مدد فراہم کرتے کرتے تھک سکتے ہیں، اس لیے پاکستان کو اپنی معاشی بنیاد مضبوط بنانے اور خود انحصاری کی جانب بڑھنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں معاشی ترقی کے بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ ملک کی بڑی آبادی، زرخیز زمین، باصلاحیت افرادی قوت اور تزویراتی جغرافیائی محل وقوع اس کی اہم قوتیں ہیں۔مکہ اتحاد کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے مالی وسائل، ترکیہ کی دفاعی پیداوار اور پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کا امتزاج علاقائی امن وسلامتی کے فروغ کے ساتھ پاکستان کے لیے معاشی مواقع بھی پیدا کر سکتا ہے۔غیر ملکی سرمایہ کاری کے حوالے سے سردار مسعود خان نے وضاحت کی کہ مفاہمتی یادداشتیں بنیادی طور پر ارادوں اور باہمی تعاون کے اظہار کا ذریعہ ہوتی ہیں، جنہیں عملی شکل دینے کے لیے بعدازاں قانونی، تکنیکی اور مالی معاہدوں کی ضرورت ہوتی ہے۔انہوں نے اہم معدنی وسائل، چین پاکستان اقتصادی راہداری کے دوسرے مرحلے سی پیک 0.2، زراعت، قابل تجدید توانائی اور صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو سرمایہ کاری کے وعدوں کو عملی منصوبوں میں تبدیل کرنے کے عمل کو تیز کرنا ہوگا۔غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کی راہ میں حائل بڑی رکاوٹوں کی نشاندہی کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دانشورانہ ملکیت کے حقوق کا ناکافی تحفظ، کاروبار کرنے میں مشکلات، بیوروکریسی کی پیچیدگیاں اور ٹیکس نظام کی کمزوریاں سرمایہ کاروں کی حوصلہ شکنی کرتی ہیں۔ انہوں نے بالخصوص بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ ان میں سے بہت سے افراد پاکستان میں سرمایہ کاری کے خواہش مند ہیں، تاہم انہیں انتظامی پیچیدگیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملکی آمدن میں اضافے اور مالیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا اور غیر رسمی معیشت کو باقاعدہ ٹیکس نظام کا حصہ بنانا ناگزیر ہے۔پاکستان کی عالمی مسابقت اور برآمدات کی صلاحیت پر گفتگو کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے پیداواری لاگت، ٹیکسوں اور بجلی کی بلند قیمتوں سے متعلق خدشات کو تسلیم کیا۔ انہوں نے معاشی نظام میں ناجائز مراعات اور سبسڈی کے باعث پیدا ہونے والی بگاڑ کی اصلاح، نجی شعبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی پر زور دیا۔سردار مسعود خان نے زراعت اور جدید ٹیکنالوجی کو پاکستان کے لیے ترقی کے دو اہم مواقع قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل تبدیلی، ٹیکنالوجی پر مبنی نئے کاروباروں کے فروغ اور انسانی وسائل کی استعداد میں اضافے جیسے مثبت رجحانات کو ایک مربوط معاشی حکمت عملی کے تحت آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔سردار مسعود خان نے عالمی بینک کی 2019 کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس میں پیش گوئی کی گئی تھی کہ پاکستان 2047 تک مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے لحاظ سے دنیا کی دسویں بڑی معیشت بن سکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اس ہدف کے حصول کے لیے مسلسل معاشی اصلاحات، محنت، مضبوط قومی اداروں اور غیر ملکی مالی معاونت پر انحصار کے بجائے خود انحصاری کی جانب فیصلہ کن پیش رفت ناگزیر ہے

بقیہ نمبر 10

مزدوروں کے قائد چوہدری محمد یاسین، پیر صاحبزادہ ڈاکٹر ساجد الرحمن سجادہ نشین آستانہ عالیہ بگھار شریف سابق خطیب فیصل مسجد اسلام آباد، پیر انور جنید شاہ سجادہ نشین گھنگول شریف، پیر سلطان باھو، پیر عیدگاہ شریف، پیر کلیام شریف، پیر چورہ شریف، پیر گولڑہ شریف، پیر موہڑہ شریف، پیر کہیاں شریف، پیر گھنگول شریف، پیر طوری شریف سمیت ملک بھر کے علما کرام مشائخ عظام آستانہ عالیہ نقشبندیہ عبیدیہ، پیر سید جابر حسین شاہ کاظمی سجادہ نشین آستانہ عالیہ طوری شریف، پیر مجتبی فاروق گل سجادہ نشین موہڑہ شریف، شیخ الحدیث علامہ مفتی گلزار احمد نعیمی، پیر صاحبزادہ مفتی عبداللطیف نظامی آستانہ عالیہ کیاں شریف آزاد کشمیر، ممتاز مذہبی سکالر صاحبزادہ سعید الرشید عباسی، پیر سید محمد علی واسطی صاحبزادہ حسیب نظیری، مناظر اسلام مفتی محمد حنیف قریشی جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی کے ترجمان علامہ پیر سید امتیاز حسین شاہ کاظمی خطیب اعلیٰ بری امام سرکار، مولانا ابوالفضل عبدالغنی نقشبندی، معروف عالم دین علامہ پروفیسر کلیم اللہ ضیاء، شیخ الحدیث علامہ ڈاکٹر مفتی محمد ظفر اقبال جلالی، پیر محمد ممتاز احمد ضیاء نظامی، علامہ مفتی ضمیر احمد ساجد وائس چیئرمین رویت ہلال کمیٹی، خادم درگاہ حضرت بری امام سرکار و حضرت کلو بابا مانسہ شریف، راجہ سرفراز اکرم کے برادر اکبر راجہ امتیاز محمود جنجوعہ سابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، مفتی محمد معروف نقشبندی، شیخ الحدیث علامہ مشتاق حسین نعیمی، پیر سہیل عالم صابری، آغا جی سرکار اسعد محمود جنرل سیکرٹری پاکستان ورکر فیڈریشن ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، محمد سرفراز ملک، بریگیڈئر عرفان پیر صاحب عیدگاہ شریف، مفسر قرآن مفتی محمد خطیب مصطفائی، مولانا مفتی محمد اقبال نعیمی، مولانا محمد عارف نقشبندی، مولانا محمد ہارون قریشی، مفتی بابر ضیائی، پیر سید وسیم ممتاز شاہ، مولانا عبدالرحیم چشتی، مولانا محمد اکرم چشتی، مولانا ہارون عباس ضیائی، مولانا قاری املاک حسین چشتی، مولانا قاری محمد ایاز منہاس، مولانا کلیم ستی، مولانا قاری علی اکبر نعیمی، مولانا ڈاکٹر میاں عبدالقادر سکندری مولانا صاحبزادہ عبدالسلام جیلانی، انجم عقیل خان ایم این اے ملک احمد خان ٹوانہ، پیر محمد گلزار نقشبندی، مولانا ریاضت حسین راجہ، مولانا محمد نذیر کھوکھر، صاحبزادہ علامہ امتیاز احمد مہروی، قاری تصدق حسین نقشبندی، ممتاز نعت خواں شہزادہ سیف الملوک وسیم عباسی، حاجی بدر الاسلام بدر، شیراز عرفات، سابق میئر اسلام آباد پیر سید عادل گیلانی، پیر ریاض الدین چشتی، حافظ نور خان سیالوی، مولانا مقرب ستی، ایم سی آئی افسران سی ڈی اے کے افسران، آئی سی ٹی کے افسران، مولانا محسن ضیائی، مولانا حافظ عبدالغفار زاہری، مولانا مفتی احسان قادری نعیمی، مولانا محمد فاضل نقشبندی، سی ڈی اے مزدور یونین کے صدر حاجی اورنگزیب خان، مولانا لیاقت علی چشتی، مولانا محمد اسامہ نذیر گولڑوی، قاری ساجد زمان نقشبندی، مولانا ڈاکٹر محمد سلیم سعیدی، مولانا ممتاز احمد ہارونی، مولانا یاسر رمضان سیفی، سیاسی و سماجی تنظیمات کے عہدیداران مختلف مذہبی تنظیموں کے نمائندگان صحافیوں، تاجروں، مزدوروں سمیت علماء اکرام مشائخ عظام کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور سب نے خواجہ پیر عبید احمد عبید نقشبندی صاحب کو بیٹے حافظ محمد نعمان عبید ستی کی شادی کی مبارکباد پیش کی

بقیہ نمبر 11

کے دوران سرکاری جگہ پر تجاوزات قائم کرنے اور دکانوں کا سامان مقررہ حدود سے باہر رکھنے والے متعدد دکانداروں کو آن لائن جرمانے عائد کیے گئے جبکہ دیگر دکانداروں کو آخری وارننگ جاری کرتے ہوئے فوری طور پر تجاوزات ختم کرنے کی ہدایت کی گئی۔ انتظامی ٹیموں نے تاجروں کو واضح کیا کہ دکانوں کا سامان شٹر کی حدود کے اندر رکھا جائے اور سرکاری جگہ پر کسی قسم کا قبضہ یا رکاوٹ قائم نہ کی جائے تا کہ ٹریفک کی روانی برقرار رہے اور شہریوں، خصوصاً پیدل چلنے والوں کو آمد ورفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انتظامیہ نے خبردار کیا کہ آئندہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی اور آن لائن جرمانوں کے ساتھ ساتھ قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ نمبر 12

کرنے کے ساتھ جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیں۔ مندرہ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے تینوں نامزد ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی صدر نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، خواتین اور بچوں کو ہراساں کرنے یا ان کے ساتھ زیادتی کے واقعات ناقابل برداشت ہیں اور ایسے جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 13

کو فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کا معائنہ کیا اور فیلڈ اسٹاف کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرتے ہوئے عوام کو صحت کی سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے کمیونٹی کی سطح پر صحت کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور عوامی خدمت کے عمل کو موثر بنانے پر بھی زور دیا

بقیہ نمبر 14

حصول آزادی کے جذبہ کو ابھارہ انہیں عقل شعور و آگہی سے بہرہ ور کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقبال ڈے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کی شاعری اور افکار نے مسلمانان برصغیر میں خودی، اتحاد، بیداری اور آزادی کا شعور اجاگر کیا۔ان کا فلسفہ خودی آج بھی نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔ اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے مسلمانوں کو اپنی صلاحیتوں کو پہچاننے، خود اعتمادی اپنانے اور علم وعمل کے ذریعے ترقی کی منازل طے کرنے کا درس دیا آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم علامہ اقبال کے افکار و نظریات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں، قانون کی حکمرانی، انصاف، مساوات اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں تا کہ پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ ریاست بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ یوم اقبال محض ایک دن منانے کا نام نہیں بلکہ یہ ہمیں اپنے قومی مقاصد اور ذمہ داریوں کی یاددہانی کرواتا ہے

بقیہ نمبر 15

معروف ریسٹورنٹ زیتون، جی ٹی روڈ نزد شریف ہسپتال واہ کینٹ میں کیا گیا۔تقریب باہمی محبت، خلوص، اپنائیت اور علمی رفاقت کے حسین جذبات سے عبارت رہی۔ اس کا مقصد نئے آنے والے سکالرز کا خیر مقدم اور آخری سمسٹر کے طلبہ وطالبات کی علمی رفاقت اور خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔تقریب میں محترمہ ڈاکٹر مسرت ملک ، پرنسپل مشعل ڈگری کالج واہ کینٹ، اور محترمہ میڈم فوزیہ ایوب ، سینئر سیکشن ہیڈ، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اسٹڈیز، یونیورسٹی آف واہ نے خصوصی شرکت کی اور اپنے مختصر مگر فکر انگیز خطابات میں سکالرز کی علمی و عملی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔دونوں معزز مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ اسلامک اسٹڈیز کے سکالرز محض ڈگری کے حصول کو اپنا مقصد نہ بنائیں بلکہ اپنے علم و کردار کو معاشرے کی اصلاح اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے وقف کریں۔ انہوں نے کہا کہ مسجد، محراب و منبر اور معاشرتی زندگی میں علمائے کرام اور دینی علوم کے متخصصین کا کردار نہایت اہم ہے۔ سکالرز کو چاہیے کہ وہ اپنی علمی صلاحیتوں، فکری بصیرت اور اخلاقی کردار کے ذریعے معاشرے کی درست رہنمائی کریں اور دین اسلام کے حقیقی پیغام کو عام کرنے میں اپنا موثر کردار ادا کریں۔اس موقع پر زیتون ریسٹورنٹ کے اونرز جناب محمد نسیم ، جناب محمد ندیم ، جناب مبین نسیم ، جنرل منیجر جناب محمد اعجاز خان، ان کی پوری ٹیم اور شعبہ ایم فل اسلامک اسٹڈیز کے تمام سکالرز کی معاونت اور محبت کو سراہا گیا۔تقریب کے منتظمین یونیورسٹی آف واہ کے ایم فل کے سکالرز حافظ اسامہ احمد۔سید ضمیر حسین شاہ کاظمی، اور قمر افضال قادری نے تمام معزز مہمانان گرامی، انتظامیہ زیتون ریسٹورنٹ، ان کی پوری ٹیم اور شریک تقریب تمام سکالرز کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ ایسی تقریبات تعلیمی ماحول میں محبت، اخوت، باہمی احترام اور علمی تعلقات کو مضبوط بنانے کا ذریعہ بنتی ہیں۔تقریب خوشگوار یادوں، باہمی محبت، علمی عزم اور نیک تمناؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

بقیہ نمبر 16

ایلیکشن کمیشن کے خلاف عدالت جانے کی یقین دہانی کروا دی۔ جاوید انتظار نے کہا کہ بلدیاتی نمائندے عوام سے رابطے بحال رکھیں۔ تاہم انتخابی مہم میں پیسہ خرچ کرنے سے اجتناب کریں۔ پاکستان تحریک انصاف، مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کئی امیدواروں نے ٹکٹ نہ ملنے کیصورت میں اسلام اباد آزاد گروپ کے پلیٹ فارم سے انتخابات میں حصہ لینے کا عندیہ دے دیا ہے۔جاوید انتظار نے کہا کہ اسلام آباد آزاد گروپ کا انتخابی منشور اسلام آباد کو منظم ترقیاتی ادارہ بنانا ہے۔صحت، تعلیم اور انتظامی اداروں کو عوام کے سامنے جوابدہ بنانا ہے۔عوام کا پیسہ عوام پر خرچ کرنا ہے۔نوجوان طبقے کے لئے روزگار اور کاروبار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔خواتین کو بااختیار بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد آزاد گروپ کی سوچ اور نظریہ عوامی امنگوں کا ترجمان ہے۔15 نومبر سے عوامی اجتماعات میں انتخابی منشور سامنے لائیں گے

بقیہ نمبر 17

مستقبل کے لیے خصوصی دعاؤں سے نوازا، جس کے بعد شرکاء کے لیے پرتعیش اور پرتکلف ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔ملک گیر تنظیم کے سابق صدر پنجاب کی بیٹی کی شادی کی یہ تقریب محض ایک خاندانی اجتماع تک محدود نہ رہی، بلکہ اس نے ایک باوقار قومی و برادری پلیٹ فارم کی صورت اختیار کرلی۔ تقریب میں پاکستان میو اتحاد کے چیئرمین حاجی محمد افضل خاں میو، میواتی کلچرل ہیریٹیج اسلام آباد کے چیئرمین راؤ غلام محمد میو، مرکزی سینئر وائس چیئرمین شمس العارفین میو، چیئرمین میو نیوز محمد فاروق جان میو، سابق ایم این اے چوہدری طارق شبیر میو، محمد افضال پاہٹ میوٹکٹ ہولڈر ایم این اے پی ٹی آئی لاہور، حاجی محمد یوسف میوٹکٹ ہولڈر ایم پی اے لاہور، محمد منشاء سندھو سابق ایم پی اے لاہور، چوہدری علی محمد میو (کنٹونمنٹ بورڈ لاہور)، حاجی محمد اسحاق میو (بہاولپور)، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری حاجی شوکت علی میو، مرکزی نائب صدر یوتھ محمد الیاس نکہ میو، صدر ٹیچرز یونین ملتان دین محمد عارف میو، کرنل (ر) محمد فاروق میو، کرنل (ر) محمد علی میو، بریگیڈیئر (ر) ظفر یاسین بابر میو، جمیل احمد میواتی، حاجی محمد اسلم میو جلالی فنانس سیکرٹری تحصیل رائے ونڈ، سینئر نائب صدر تحصیل رائے ونڈ محمد فاروق میو جلالی محمد الیاس سیفی میو، چوہدری انور میو، پروفیسر انجینئر آمین میو، انجینئر راؤ نعمان غلام محمد میو، انجینئر نعمان عارف میو (ملتان)، چوہدری احسان میو راجپوت صدر کراچی ڈویژن، حاجی محمد اسماعیل میو صدر ضلع قصور، محمد اسلام جمیل میو صدر تحصیل قصور، ماسٹر محمد رفیق میو جنرل سیکرٹری ضلع لاہور ،، انیس احمد نتھی میو سابق چیئرمین کاہنہ نو۔ماسٹر جمال الدین، عبدالرشید، محمد بشیر، عثمان غنی، اسد ممتاز، احسن ممتاز، فیصل ممتاز، حافظ حسیب ممتاز ،منیب ممتاز۔ڈاکٹر رفیق میو ہمیر۔ حکیم محمد یونس شاید میو، مولانا عرفان انجم میو، حاجی عمر فاروق میو پتوکی، حاجی نور محمد میو، حاجی اسلم میو رائے ونڈ، شہاب الدین میو، عدنان رحیم میو، شیر علی میو ایڈوکیٹ، ماسٹر نصر اللہ میو، محمد اشفاق چشتی میواتی اینکر پرسن میو نیوز محمد زوہیب طاہر میو، محمد شہریار طاہر میو ایڈوکیٹ، اور محمد شعیب طاہر میو، سمیت ملک بھر سے سیاسی، سماجی، تعلیمی اور عسکری شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ایسی جلیل القدر اور اثر رسوخ رکھنے والی تنظیم کے مرکزی قائدین اور سابقہ عہدیداران کی ایک چھت تلے موجودگی نے اس تقریب کو برادری کے روشن مستقبل اور تنظیم کی مضبوطی کے حوالے سے ایک نہایت اہم موڑ بنا دیا۔اس موقع پر ملک بھر سے آئے ہوئے پرانے کارکنان، فعال رہنماؤں اور معززین نے چیئرمین حاجی افضل خاں میو اور مرکزی قیادت سے خصوصی ملاقاتیں کیں۔ پرمسرت ماحول کے ساتھ ساتھ قوم کی فلاح و بہبود، برادری کے مسائل کے حل، انتظامی امور اور پاکستان میو اتحاد کی فعالی و استحکام کے لیے تعمیری گفتگو اور سنجیدہ تبادلہ خیال ہوا، جس میں تنظیم کو مزید متحرک بنانے کے لیے عملی تجاویز پر سیر حاصل بحث کی گئی۔ تمام شرکاء اور برادری کے دانشمند طبقے نے اس بامقصد فکری نشست، باہمی اتحاد اور قیادت کے مثبت جذبے کو زبردست الفاظ میں سراہا اور اسے برادری کی یکجہتی کے لیے ایک فال نیک قرار دیا۔

بقیہ نمبر 18

اور تعمیراتی کام غیر معینہ مدت کے لیے بند کردیا گیا ہے ذرائع کے مطابق دوران تعمیر پیش آنے والے حادثے کے بعد منصوبے پر کام روک دیا گیا جبکہ حادثہ کے فوری بعد ڈپٹی کمشنر ہری پور وسیم احمد نے تربیلا ڈیم کا نہ صرف ہنگامی دورہ کیا بلکہ جائے وقوعہ کا معائنہ اور صورتحال کا جائزہ بھی لیا ابتدائی اطلاعات کے مطابق ڈیم کا بنڈ ٹوٹنے کے حادثہ کے دوران کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تاہم دو مزدور زخمی ہو گئے جنہیں فی الفور ریسکیو کرلیا گیا اور ضروری طبی امداد پہنچانے کے بعد شفاخانے منتقل کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 19

کے شاہین کی طرح بننا چاہیے۔رانا عبدالباقی نے کہا کہ اقبال نے نوجوانوں کو یقین محکم، عمل پیہم اور محبت فاتح عالم کا پیغام دیا۔انہوں نے کہا کہ اگر آج کی نوجوان نسل اقبال کے افکار کو اپنالے تو پاکستان دنیا کا عظیم ترین ملک بن سکتا ہے۔انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ سوشل میڈیا اور فضول مشاغل میں وقت ضائع کرنے کے بجائے تعلیم، اخلاق اور کردار سازی پر توجہ دیں۔ اقبال نے کہا تھا کہ علم بغیر عمل کے بے کار ہے،اس لیے طلبہ کو علم کے ساتھ ساتھ اچھے اخلاق اور حب الوطنی کو بھی اپنانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ جناح اقبال ساوتھ ایشین فورم اور جناح اقبال ایجوکیشن ویلفیئر سکول کا مشن اقبال اور قائداعظم کے نظریات کو نئی نسل تک پہنچانا ہے۔اقبال نے خواب دیکھا اور قائداعظم نے اسے حقیقت بنایا، اب یہ ذمہ داری نوجوانوں کی ہے کہ وہ اس ملک کو اقبال کے خواب کے مطابق تعمیر کریں۔تقریب کے اختتام پر طلبہ نے اقبال کے کلام سے منتخب اشعار پیش کیے اور عہد کیا کہ وہ اقبال کے پیغام کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں گے

بقیہ نمبر 20

افسران موقع پر پہنچ گئے جبکہ فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔دوسری کارروائی میں کہوٹہ پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو ساتھی سمیت گرفتار کرکے پانچ مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلیے۔ پولیس نے ملزمان کو ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے ٹریس کیا۔ گینگ کا سرغنہ اس سے قبل بھی موٹر سائیکل چوری اور نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث اور ریکارڈ یافتہ ہے۔ایس پی صدر نے کہا ہے کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ادھر چکلالہ اور نصیر آباد پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کرکے مجموعی طور پر 4 کلو 35 گرام چرس برآمد کرلی۔ چکلالہ پولیس نے دو ملزمان سے 2 کلو 625 گرام جبکہ نصیر آباد پولیس نے ایک ملزم سے ایک کلو 410 گرام چرس برآمد کی۔ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔راولپنڈی پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران مزید پانچ افراد کو گرفتار کرکے 20 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔یہ کارروائیاں تھانہ سٹی، بنی، ٹیکسلا، صدر واہ اور دھمیال کے علاقوں میں کی گئیں۔ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ نمبر 21

کے رہنماؤں نے گزشتہ روز DIG ہزارہ جہانزیب نذیر خان سے ان کے آفس میں ملاقات کی ملاقات کرنے والوں میں پی پی پی خیبر پختون خوا کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک فاروق تنولی پی پی پی ایبٹ آباد کے ضلعی صدر سید سلیم شاہ حلقہ پی کے 45 کے صدر سید مہربان شاہ و دیگر رہنما بھی شامل تھے ملاقات کے دوران علاقے میں امن وامان کی صورتحال اور درپیش عوامی مسائل کے علاوہ باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر پی پی پی رہنماؤں نے ڈی آئی جی ہزارہ کی خدمات کو سراہا اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا،

بقیہ نمبر 22

اسپورٹس فزیوتھراپی، اسپورٹس ایڈمنسٹریشن اور اسپورٹس اینڈ ہیلتھ سائنسز میں ہے۔میرا یقین ہے کہ جدید دور میں کھیلوں کی ترقی کے لیے صرف میدان اور کھلاڑی کافی نہیں بلکہ سائنسی تربیت، جسمانی فٹنس، انجری پریونشن، غذائیت اور جدید اسپورٹس مینجمنٹ بھی انتہائی ضروری ہیں۔ڈاکٹر شیراز علی نے بتایا کہ پاکستان بلائنڈ اسپورٹس فیڈریشن میں بطور ڈائریکٹر ٹیکنیکل میری بنیادی ذمہ داریوں میں کھیلوں کی تکنیکی منصوبہ بندی، کھلاڑیوں کی تربیت، کھیلوں کے معیار کو بہتر بنانا، تربیتی کیمپس اور قومی و بین الاقوامی مقابلوں کے انعقاد میں رابطہ کاری شامل ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ بصارت سے محروم کھلاڑیوں کو بھی وہی مواقع، سہولیات اور پیشہ ورانہ ماحول فراہم کیا جائے جو کسی بھی دوسرے کھلاڑی کا حق ہے۔انہوں۔نے کہا کہ پاکستان میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے۔ ضرورت صرف اس ٹیلنٹ کو تلاش کرنے، تربیت دینے اور مناسب پلیٹ فارم فراہم کرنے کی ہے۔ گول بال، بلائنڈ فٹ بال، بلائنڈ جوڈو، بریل شطرنج، ایتھلیٹکس، بلائنڈ کرکٹ اور بلائنڈ آرچری جیسے کھیلوں میں ہمارے کھلاڑی بین الاقوامی سطح پر ملک کی نمائندگی کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ کھیلوں کے ذریعے خصوصی افراد میں خود اعتمادی، خودمختاری اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کا جذبہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔ڈاکٹر شیراز کا کہنا تھا کہ پاکستان میں کھیلوں کے نظام کو جدید سائنسی بنیادوں پر استوار کرنے کی ضرورت ہے۔ ایتھلیٹ کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اسپورٹس فزیوتھراپی، اسپورٹس میڈیسن، فزیکل کنڈیشننگ، نیوٹریشن، اسپورٹس سائیکالوجی اور انجری مینجمنٹ کو تربیتی نظام کا لازمی حصہ بنانا ہوگا۔کھیلوں میں تحقیق اور جدید سائنسی طریقوں کو فروغ دیے بغیر ہم عالمی معیار کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ یونیورسٹیوں، اسپورٹس فیڈریشنز اور تحقیقی اداروں کے درمیان تعاون بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ڈاکٹر شیراز علی نے مزید بتایا کہ پاکستان بلائنڈ اسپورٹس فیڈریشن کا ایک مقصد نابینا اور بصارت سے محروم کھلاڑیوں کے لیے ایک مضبوط، منظم اور پائیدار اسپورٹس سسٹم قائم کرنا ہے۔ہم چاہتے ہیں کہ صوبائی اور علاقائی سطح پر کھیلوں کو فروغ دیا جائے، باقاعدہ تربیتی کیمپس منعقد ہوں، قومی چیمپئن شپ کا انعقاد ہو اور ہمارے کھلاڑی عالمی مقابلوں میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں۔ اس مقصد کے لیے حکومتی اداروں، نجی شعبے، تعلیمی اداروں اور بین الاقوامی اسپورٹس تنظیموں کا تعاون ناگزیر ہے۔کراچی میں منعقد ہونے والی ایشین بریل شطرنج چیمپئن شپ 2026 کے بارے میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے لیے یہ ایک اہم بین الاقوامی اسپورٹس ایونٹ ہے۔پاکستان بلائنڈ اسپورٹس فیڈریشن کی میزبانی میں کراچی میں 23 نومبر سے 3 دسمبر 2026 تک منعقد ہونے والی ایشین بریل شطرنج چیمپئن شپ میں مختلف ایشیائی ممالک کے کھلاڑی شرکت کریں گے۔اس ایونٹ سے نہ صرف پاکستان کا مثبت تشخص عالمی سطح پر اجاگر ہوگا بلکہ بصارت سے محروم کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع بھی ملے گا۔ہماری کوشش ہے کہ مہمان کھلاڑیوں اور وفود کو بہترین انتظامات اور سہولیات فراہم کی جائیں

بقیہ نمبر 23

ٹریفک سارجنٹ SI لیاقت نے بھاری پولیس نفری و دیگر متعلقہ انتظامیہ کے اہلکاروں کے ہمراہ کمیلہ بازار میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا اس دوران سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی تجاوزات و دکانوں اور مکانات کو مسمار کرکے سرکاری زمین واگزار کرانے کی کارروائی عمل میں لائی گئی اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی موجود تھے ضلعی پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا کہ سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی تا کہ عوامی مفاد اور سرکاری املاک کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے قانون کی بالادستی و عوامی مفاد کا تحفظ اپر کوہستان پولیس کا عزم ہے پولیس انتظامیہ نے ہدایت کی کہ تجاوزات کنندگان تاجر و دیگر افراد خود تجاوزات ہٹائیں تو نہ صرف قانونی کارروائی سے بلکہ بڑے نقصان سے بھی بچ سکتے ہیں،

بقیہ نمبر 24

کے اغراض و مقاصد، انتظامی ڈھانچہ، فنکشنز و آپریشنز سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر زیر تربیت افسران کو دارالحکومت اسلام آباد کے ماسٹر پلان، آئی سی ٹی زوننگ ریگولیشنز پر بریفنگ دی گئی اور شرکاء کو اسلام آباد شہر کی ڈویلپمنٹ اور خوبصورتی سے متعلق مختلف منصوبہ جات اور اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔سول سروسز اکیڈمی لاہور کے تحت 54 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے فیکلٹی ممبران و زیر تربیت پروبیشنری افسران کو اسلام آباد شہر میں مکمل، جاری و مستقبل کے میگا پراجیکٹس کے متعلق بھی بریفنگ دی گئی۔بریفنگ دیتے ہوئے سول سروسز اکیڈمی لاہور کے زیر تربیت پروبیشنری افسران کو بتایا گیا کہ اسلام آباد کے شہریوں کی سہولت اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے لینڈ ریکارڈ سمیت مختلف سروسز کی ڈیجیٹائزیشن کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔بریفنگ دیتے ہوئے سول سروسز اکیڈمی لاہور کے زیر تربیت پروبیشنری افسران کو بتایا گیا کہ اسلام آباد شہر میں تقریباً 200 میٹرو بس نیٹ ورک سمیت فیڈر بسوں کا ماس ٹرانزٹ سسٹم متعارف کرایا گیا ہے اور فیڈر بسوں کا تمام نیٹ ورک الیکٹرک اور ماحول دوست (Fleet) فلیٹ پر مشتمل ہے۔بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دارالحکومت اسلام آباد میں موجودہ آبی وسائل کے بہتر انتظامات اور مستقبل میں پانی کی فراہمی کیلئے مختلف منصوبوں کا آغاز کیا جارہا ہے اور اس سلسلے میں شاہدرہ ڈیم کی تعمیر کا جلد آغاز کیا جارہا ہے جبکہ دوتارہ ڈیمز کی فزیبلٹی کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے کہا کہ دارالحکومت اسلام آباد میں سملی ڈیم کی ڈی سلٹنگ اور کنڈکشن پائپ لائنوں کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔انہوں نے کہا نئے ڈیمز کی تکمیل سے شہر میں پانی کی کمی پر قابو پایا جاسکے گا جبکہ موجودہ پانی کے وسائل کو بہترین انداز میں استعمال کرنے، پانی کے تحفظ کیلئے بین الاقوامی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کیساتھ ملکر کام کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا)، ورلڈ بینک اور دیگر کیساتھ بھرپور تعاون جاری ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں مزید بتایا گیا کہ اسی طرح دارالحکومت اسلام آباد کو مزید سرسبز و شاداب بنانے کیلئے ماحول دوست شجرکاری اور گرین ایریاز کو مزید وسعت دی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 25

تقریب سے این ایل ایف کے سینئر نائب صدر اور آئیسکو لیبر یونین کے صدر عاشق خان نے بھی خطاب کیا، جبکہ سپریم کورٹ کے معروف وکیل عمران شفیق نے آئین پاکستان میں بنیادی حقوق کے حوالے سے خصوصی لیکچر دیا۔ دیگر مقررین میں ایوب خان، ظفر محمود شاہ اور مبارک شاہ جبکہ پریم یونین راولپنڈی ڈویژن کے چیئرمین سید ظہور شاہ بھی شامل تھے۔شمس الرحمن سواتی نے اپنے خطاب میں نیشنل لیبر فیڈریشن کی نظریاتی، تاریخی اور تنظیمی جدوجہد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ 1948 میں لیبر ویلفیئر کمیٹی کے قیام کے بعد ملک کے مختلف علاقوں میں مزدور تنظیموں اور فیڈریشنز کو منظم کرنے کا سلسلہ شروع ہوا، جس کے نتیجے میں 9 نومبر 1969 کو کراچی میں نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کی بنیاد رکھی گئی۔ پروفیسر شفیع ملک اس کے پہلے صدر منتخب ہوئے، جنہوں نے اپنی اچھی معاشی حیثیت اور آسودہ زندگی کو ترک کرکے مزدوروں کی تنظیم سازی اور حقوق کی جدوجہد کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی۔انہوں نے پروفیسر شفیع ملک کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان سے اپنی جدوجہد اور تجربات قلم بند کرنے کی درخواست بھی کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ساڑھے آٹھ کروڑ کی لیبر فورس کا تقریباً 83 فیصد حصہ غیر رسمی شعبے سے وابستہ ہے، جہاں کروڑوں دیہاڑی دار اور غیر منظم مزدور بنیادی لیبر قوانین، سوشل سکیورٹی، ای او بی آئی اور ورکرز ویلفیئر فنڈ جیسی سہولتوں سے محروم ہیں۔ رسمی شعبے میں بھی قوانین پر مؤثر عمل درآمد نہیں ہو رہا۔ٹریڈ یونینز کا دائرہ سکڑ رہا ہے، مستقل ملازمتوں کی جگہ ٹھیکیداری اور عارضی ملازمتوں نے لے لی ہے، مزدوروں سے 12 سے 14 گھنٹے کام لیا جاتا ہے، کم از کم اجرت ادا نہیں کی جاتی اور سوشل سکیورٹی و دیگر اداروں میں کارکنوں کی رجسٹریشن انتہائی کم ہے۔

بقیہ نمبر 26

سے کم ہو کر 28 لاکھ 45 ہزار روپے ہو جائے گی۔998 سی سی تک کی مقامی تیار کردہ پیٹرول گاڑی 4 لاکھ 40 ہزار روپے سستی ہوگی، قیمت 42 لاکھ 70 ہزار سے کم ہو کر 38 لاکھ 30 ہزار روپے ہو جائے گی۔دستاویزات کے مطابق 1496 سی سی تک کی پیٹرول ایس یو وی کی قیمت میں 7 لاکھ 40 ہزار روپے کمی ہوگی، جس کے بعد قیمت 60 لاکھ 60 ہزار سے کم ہو کر 53 لاکھ 20 ہزار روپے ہو جائے گی 1498 سی سی تک کی پیٹرول ایس یو وی کی قیمت 2 لاکھ 80 ہزار روپے کم ہو کر 91 لاکھ 60 ہزار روپے ہو جائے گی۔موجودہ قیمت 94 لاکھ 40 ہزار روپے ہے دستاویزات میں مزید بتایا گیا ہے کہ 1598 سی سی تک کی مقامی تیار کردہ پیٹرول جیپ کی قیمت میں 10 لاکھ روپے کمی ہوگی، جس کے بعد قیمت ایک کروڑ 21 لاکھ سے کم ہو کر ایک کروڑ 11 لاکھ روپے ہو جائے گی۔

بقیہ نمبر 27

کاروں، روسی ماہرین تعلیم، دانشوروں، شعرا اور مختلف جامعات کے طلبہ و طالبات نے شرکت کر کے عظیم شاعر کی فکری اور ادبی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ نمبر 28

پریس کلب کے عہدیداران و ممبران، صحافیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔واک میں سرکل انچارج چوہدری قاسم، انسپکٹر طاہرہ کنول انچارج ایجوکیشن ونگ، لیڈی ٹریفک افسران، سیکٹر انچارج چوہدری عابد سلیم، انسپکٹر ریحان سیال، انسپکٹر فیضان، صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال، جنرل سیکرٹری ملک اسد اقبال، سینئر نائب صدر راجہ فیصل خان، نائب صدر مرزا رفعت محمود، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری چوہدری کاشف، سابق صدر شہزادہ ارباب، سابق جنرل سیکرٹری راجہ اسد محمود، مرزا ظفر، ہارون جنٹ، راجہ ثاقب اور راجہ صابر حسین صدیقی سمیت دیگر صحافیوں اور سول سوسائٹی کے افراد نے شرکت کی۔اس موقع پر انچارج ایجوکیشن ونگ انسپکٹر طاہرہ کنول نے شرکاء اور شہریوں کو سموگ کی وجوہات اور اس کے مضر اثرات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور رکشوں سے خارج ہونے والا دھواں فضائی آلودگی میں اضافے اور سموگ کی اہم وجوہات میں شامل ہے۔شہری اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی بروقت ٹیوننگ اور فٹنس یقینی بنائیں، خراب انجن اور ناقص سائلنسر والی گاڑیاں سڑکوں پر لانے سے گریز کریں اور غیر ضروری طور پر انجن چلانے سے اجتناب کریں۔ صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال نے کہا کہ سموگ ایک سنگین ماحولیاتی اور عوامی صحت کا مسئلہ بن چکی ہے، جس کے اثرات بچوں، بزرگوں اور سانس کے امراض میں مبتلا افراد پر زیادہ مرتب ہوتے ہیں۔اس مسئلے پر قابو پانے کے لیے حکومت، متعلقہ اداروں، میڈیا اور عوام کو مشترکہ ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ صحافی برادری عوامی شعور کی بیداری اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے آگاہی پھیلانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ ڈرکل انچارج ٹریفک پولیس چوہدری قاسم نے کہا کہ سموگ کی روک تھام کے لیے ٹریفک پولیس اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے اور شہریوں کو ٹریفک قوانین کی پابندی، گاڑیوں کی فٹنس برقرار رکھنے اور دھوئیں کے غیر ضروری اخراج سے بچنے کی تلقین کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور رکشوں کے مالکان کو چاہیے کہ اپنے انجن اور سائلنسر کی حالت درست رکھیں، گاڑیوں کی بروقت سروس اور ٹیوننگ کروائیں اور ایسی کسی سرگرمی سے گریز کریں جو فضائی آلودگی میں اضافے کا سبب بنے۔ واک کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ماحولیاتی تحفظ اور سموگ کے خلاف عوامی آگاہی مہم کو جاری رکھا جائے گا تا کہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کیا جاسکے

بقیہ نمبر 29

بلایا گیا، عمران خان کا علاج اس معیار کے مطابق کیا گیا جو ان کے لیے ضروری تھا۔طارق فضل چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف کا خیبر پختونخوا میں 13 سالہ دور بدترین دور حکومت رہا ہے، پی ٹی آئی کے دور میں کسی قسم کی ترقی یا عوام کو سہولت فراہم نہیں کی گئی، جب تک خیبر پختونخوا میں ممکنہ اہداف حاصل نہیں کر لیتے وہاں ایمرجنسی کا نفاذ رہے گا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کے پاس اب خیبر پختونخوا میں ناکامی کا کوئی آپشن موجود نہیں، ریاست اور ریاستی ادارے خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پی ٹی آئی کا مکمل عدم تعاون رہا ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ پی ٹی آئی کے طرف سے اپنے پر خود پر ایک سیاسی خودکش حملہ تھا، آخری آپشن کے طور پر گورنر راج اور ایمرجنسی کو لگایا گیا کیونکہ پی ٹی آئی کا دور ہمیشہ پاکستان میں فساد اور انتشار کا دور رہا ہے تاہم اب ملک سے فساد اور انتشار کی سیاست کا خاتمہ ہو چکا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا اور پاکستان امن اور ترقی کی طرف آگے بڑھ رہا ہے۔

بقیہ نمبر 30

کے سینئر وکیل حامد خان بھی کمرہ عدالت پہنچ گئے۔ عدالت نے سزا کے خلاف اپیلوں پر حتمی دلائل طلب کر رکھے تھے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے کہا کہ آپ نے ایک اور درخواست دی ہے، اب تو اپیلیں اس عدالت کے سامنے ہیں۔ اس کے علاوہ صحت اور ملاقاتوں کے معاملات سپریم کورٹ اور آئینی عدالت میں زیر التوا ہیں۔ ہم یہ چاہ رہے ہیں کہ آپ اپیلوں کے معاملے پر آجائیں۔

بقیہ نمبر 31

ہے، جس کے نتیجے میں پیٹرول کی نئی قیمت 338 روپے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 7 روپے فی لیٹر کمی کے بعد 371 روپے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 11 نومبر 2026 کے لیے ہوگا۔یاد رہے کہ حکومت نے گزشتہ روز پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے بعد نئی قیمت بالترتیب 346 روپے اور 378 روپے مقرر کی تھی۔

بقیہ نمبر 32

ذمہ داریاں سنبھالی تھیں اور وہ اس وقت پاکستان میں بطور امریکی ناظم الامور خدمات انجام دے رہی ہیں

بقیہ نمبر 33

برقرار رکھتے ہوئے وائٹم ڈینٹل کالج اور وائٹم میڈیکل کالج کی درخواستیں مسترد کردیں۔

بقیہ نمبر 34

بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے دشت، بال نگور میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس دوران فائرنگ کے شدید تبادلے میں 2 دہشت گرد مارے گئے۔ آپریشن کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ و ہتھیار، کمیونیکیشن کا سامان اور نقدی برآمد ہوئی جس میں عام بلوچ شہریوں سے لوٹی گئی رقم بھی شامل ہے۔آپریشن کے بعد علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

بقیہ نمبر 35

دیتے ہیں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس عقیل احمد عباسی نے منگل کے روز کیس کی سماعت کی۔ بینچ نے تجمل عباس کی جانب سے ڈپٹی پوسٹماسٹر جنرل (ایڈمن) جنوبی پنجاب سرکل، ملتان اور دیگر کے خلاف دائر نظر ثانی درخواست پر سماعت کی

بقیہ نمبر 36

تحفظ یقینی بنانا ہے،شہری دھند کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور سفر کے لیے دن کی روشنی کو ترجیح دیں۔

بقیہ نمبر 37

ڈویژنز اور ریگولیٹری اداروں کے سینئر حکام نے بھی شرکت کی۔ کمیٹی کے سامنے سرکاری اداروں کے انتظامی ڈھانچے اور بورڈز میں تقرریوں سے متعلق 2 اہم معاملات پیش کیے گئے۔پہلی تجویز کے تحت نیشنل انجینئرنگ سروسز پاکستان (نیسپاک) کے چیئرمین یا آزاد ڈائریکٹر کی تقرری پر غور کیا گیا، جبکہ دوسری تجویز میں حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ازسرنو تشکیل اور سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) کے بورڈ میں ایک آزاد ڈائریکٹر کی تقرری شامل تھی اور تفصیلی غور وخوض کے بعد کمیٹی نے دونوں تجاویز کی منظوری دیدی

بقیہ نمبر 38

بارڈر کراسنگ کو بند کردیا گیا ہے، جبکہ الشیب سرحدی گزرگاہ کو دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔حکام نے گزرگاہوں کی بندش اور بحالی کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب عراقی وزیر خارجہ فواد حسین نے بتایا تھا کہ امریکی محکمہ خزانہ نے بغداد سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ تمام سرحدی گزرگاہیں بند کردی جائیں، تاہم دو گزرگاہیں کھلی رکھی جائیں۔ فواد حسین کے مطابق واشنگٹن ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کی کوششوں کے تحت یہ مطالبہ کر رہا ہے۔ تاہم عراقی حکام نے مندلی گزرگاہ کی بندش اور الشیب کو دوبارہ کھولنے کی وجہ مرمت اور دیکھ بھال کے کام کو قرار دیا ہے۔عراق اور ایران کے درمیان سرحدی تجارت دونوں ملکوں کے معاشی تعلقات کا اہم حصہ ہے، اس لیے سرحدی گزرگاہوں سے متعلق فیصلوں پر خطے میں جاری معاشی اور سفارتی کشیدگی کے تناظر میں بھی نظر رکھی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 39

دی گئی ہے۔اے کیو آئی پنجاب کے مطابق لاہور میں گزشتہ روز اسی وقت فضائی آلودگی کی شرح 472 تھی، جس میں ایک روز کے دوران 135 پوائنٹس کی کمی ہوئی، تاہم شہر کے مختلف علاقوں میں آلودگی کی سطح اب بھی تشویشناک ہے

بقیہ نمبر 40

معاہدے کے بنیادی نکات (Outlines) طے ہوگئے، حتمی فیصلہ وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کے درمیان ممکنہ ملاقات میں ہوگا۔ان خیالات کا اظہار لیاقت بلوچ نے منگل کو وزارت خارجہ میں حکومتی مذاکراتی ٹیم سے مذاکرات کے بعد جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کمیٹی کے ارکان ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر کے پی شمالی عنایت اللہ خان ، امیر لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ اور امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔لیاقت بلوچ نے واضح کیا کہ وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی کے درمیان ممکنہ ملاقات تفصیلی بات چیت ہوگی۔جس دن محسوس ہوا کہ مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں، اسی دن مذاکرات سے باہر آجائیں گے۔

بقیہ نمبر 41

کی پارلیمانی منظوری کے حوالے سے سوالات کے جواب دلیل کے ساتھ دینا ہوں گے۔ مولانا فضل الرحمان دلیل سے بات کرنا چاہتے ہیں تو ان کے موقف کو سننا چاہیے، اختلاف رائے کا جواب گالی اور تضحیک سے نہیں بلکہ دلیل سے دیا جانا چاہیے

بقیہ نمبر 42

ای سی او وزرائے کونسل (COM) کے 2026-27 کے لیے چیئرمین کی حیثیت سے اس اہم اجلاس کی میزبانی کر رہا ہے، جس میں علاقائی ممالک کی قیادت شرکت کرے گی۔ اجلاس کا مرکزی موضوع ''مضبوط اور لچکدار ای سی او کے لیے علاقائیت کا احیا'' (Reviving Regionalism for a Resilient ECO) مقرر کیا گیا ہے۔اس اجلاس کا مقصد رکن ممالک کے درمیان علاقائی تعاون کو مزید فروغ دینا اور مشترکہ اقتصادی ترقی کے امکانات کو وسعت دینا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں علاقائی تجارت کے فروغ، اقتصادی شراکت داری کو وسعت دینے اور ٹرانسپورٹ و تجارتی روابط مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ پاکستان کی میزبانی میں ہونے والا یہ اجلاس اقتصادی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے، تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور خطے میں رابطہ کاری بہتر بنانے کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستان بطور چیئرمین ای سی او وزرائے کونسل اجلاس کو نتیجہ خیز بنانے اور علاقائی تعاون کے مشترکہ اہداف کے حصول کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 43

آئندہ سماعت سے قبل اپیلوں کی پیپر بکس تیار کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل دو رکنی بینچ نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت کی۔دوران سماعت عمران خان کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر نے عدالت کو بتایا کہ ان کے موکل نے انہیں آگاہ کیا ہے کہ ان کا بلڈ پریشر 190 سے اوپر جارہا ہے اور انہیں برین ہیمرج کا خطرہ ہے۔ ان کے مطابق عمران خان نے اپنی آنکھ کی حالت میں بہتری آنے سے بھی آگاہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 44

بریت کے خلاف اپیل پر فیصلہ سنایا۔عدالت نے عبدالمجید اچکزئی کی بریت سے متعلق ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت کا 4 ستمبر 2020 کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا اور سابق ایم پی اے کو تعزیرات پاکستان کی دفعہ 320 کے تحت مجرم قرار دیا۔ ہائیکورٹ نے عبدالمجید اچکزئی کو مقتول کے قانونی ورثاء کو دیت کی رقم ادا کرنے، ان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرنے اور عبدالمجید اچکزئی کو فوری گرفتار کرکے جیل بھیجنے کا حکم دیا ہے۔واضح رہے کہ جون 2017 میں عبدالمجید اچکزئی کی گاڑی سے ٹریفک سب انسپکٹر کے کچلنے کا واقعہ پیش آیا تھا۔

بقیہ نمبر 45

کے حامی وکلا نے لمبی تاریخ دینے کی استدعا کی، جس پر جج طاہر عباس نے کہا کہ آپ لوگوں نے تماشا بنا لیا ہے، پیش ہی نہیں ہوتے۔ جب تک تمام ملزمان پورے نہیں ہوتے، اب کیس روزانہ کی بنیاد پر ہوگا

بقیہ نمبر 46

گزر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ تاریخی مہنگائی کے باعث عوام حکومتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ کون مشکل وقت میں ان کے ساتھ کھڑا ہے، عوام کو نفرت اور تقسیم کی سیاست نہیں بلکہ اپنے معاشی مسائل کا حل چاہیے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت نے سیلاب متاثرین سے کیے گئے وعدے پورے کرکے تاریخ رقم کردی ہے، معاشی بحران، تعلیمی مسائل اور بے روزگاری کے موجودہ دور میں سیاسی جماعتوں کی ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں

بقیہ نمبر 47

اور واقعے کے بعد کیے جانے والے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ممبر واپڈا (واٹر) عاصم رؤف خان، واپڈا کے دیگر سینئر افسران، کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 48

کے عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے ترکیہ کے شہر انطالیہ روانہ ہوگئے۔

بقیہ نمبر 49

ساڑھے 10 ارب روپے کی کرپشن کا کوئی اسکینڈل نہیں ہے بلکہ 18 کروڑ 30 لاکھ 55 ہزار روپے اس وقت نادرا کے اکاؤنٹ میں موجود ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ویکسین کی خریداری سے متعلق میڈیا رپورٹس سامنے آنے کے بعد وزیراعظم نے انکوائری کمیٹی قائم کی تھی جس کی رپورٹ آج میڈیا کے سامنے پیش کی جارہی ہے۔رپورٹ کے مطابق بارڈر ہیلتھ سروسز (بی ایچ ایس) نے وفاقی وزارت صحت اور وزیر صحت کو اعتماد میں لیے بغیر ویکسین کی خریداری کا عمل شروع کیا۔وزیر صحت کے مطابق بی ایچ ایس کے افسران نے ویکسین کی مقدار سے متعلق حقائق مبہم رکھے جبکہ وزارت صحت کی جانب سے قائم کردہ کمیٹی کو بھی نظر انداز کیا گیا۔ان کا کہنا تھا کہ بی ایچ ایس نے ایک ماہ بعد اپنی کمیٹی قائم کرکے اس کے ذریعے یہ عمل آگے بڑھایا۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ویکسین کی خریداری کے لیے پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پیپرا) کے قوانین کے بجائے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا طریقہ اختیار کیا گیا تھا۔ان کے مطابق انکوائری کمیٹی نے اس طریقہ کار کو سراہا کیونکہ اس میں نادرا کو شامل کیا گیا تھا تا کہ مالی لین دین کی تصدیق ہوسکے۔ انہوں نے بتایا کہ نجی کمپنی اپنے اخراجات پر ویکسین فراہم کر رہی ہے جبکہ ویکسین لگوانے والوں سے حاصل ہونے والی رقم نادرا کے اکاؤنٹ میں جمع ہو رہی ہے۔اس منصوبے میں حکومت کا بھی حصہ رکھا گیا تھا۔وزیر صحت کا کہنا تھا کہ اس منصوبے پر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی (پی تھری اے) کے قوانین لاگو ہونے چاہئیں تھے لیکن متعلقہ حکام نے اس پر پیپرا قوانین کا اطلاق کرکے غلطی کی۔انہوں نے کہا کہ انکوائری رپورٹ میں پروکیورمنٹ کمیٹی کو بھی ذمہ دار قرار دیا گیا ہے کیونکہ اس نے اس عمل کو نہیں روکا۔بعدازاں بی ایچ ایس کے نئے سربراہ نے بھی منصوبہ روکنے کے بجائے اس کی بعد از تکمیل منظوری کے لیے فائل آگے بھجوا دی۔مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ انکوائری رپورٹ میں ایک ڈائریکٹر کا بھی ذکر کیا گیا ہے جو اس معاملے میں خاصے سرگرم تھے۔

بقیہ نمبر 50

اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی ہے، 5000 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 79 ہزار 200 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ٹریڈنگ کے دوران سٹاک مارکیٹ میں تیزی کا رجحان برقرار رہا جس کے باعث کاروباری روز کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس 5448 پوائنٹس اضافے کیساتھ ایک لاکھ 79 ہزار 335 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری ہفتے کے آخری روز سٹاک ایکسچینج میں انڈیکس ایک لاکھ 73 ہزار 886 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 51

گیا تھا جبکہ اسی روز مشرقی صوبے کے مختلف علاقوں میں ممکنہ خطرے کے پیش نظر شہریوں کو الرٹ جاری کیے گئے تھے۔خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق سعودی عرب کا مشرقی صوبہ ملک کی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے جہاں تیل اور گیس کے بیشتر ذخائر موجود ہیں۔سعودی تیل کمپنی آرامکو کا صدر دفتر بھی اسی علاقے میں قائم ہے۔ حالیہ ہفتوں کے دوران سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے میزائل اور ڈرون حملوں میں شدت آئی ہے۔ 21 اکتوبر کو مشرقی صوبے میں دمام کے کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور آرامکو کے شیبہ آئل فیلڈ پر الگ الگ حملوں میں 4 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے۔ اس سے قبل سعودی اتحادی فوج کے ترجمان ترکی المالکی نے بتایا تھا کہ اکتوبر کے دوران ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنانے کی 20 کوششیں کی گئیں جن میں 17 افراد جاں بحق اور 333 زخمی ہوئے۔ واضح رہے کہ سعودی عرب نے 2015 میں یمن کے بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت کے حق میں حوثیوں کے خلاف عرب اتحاد کی قیادت کرتے ہوئے فوجی کارروائی شروع کی تھی۔ دونوں فریقوں کے درمیان 2022 میں اقوام متحدہ کی ثالثی سے ہونے والی جنگ بندی نے بڑی حد تک لڑائی روک دی تھی تاہم جولائی 2026 میں جنگ بندی ختم ہونے کے بعد سے جھڑپوں میں دوبارہ شدت آگئی۔

بقیہ نمبر 52

تحقیقات میں معلوم ہوا ہے کہ ملزمان نے مصطفیٰ اور آصف کو فائرنگ کرکے قتل کیا اور واردات کے بعد موقع سے فرار ہوگئے۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور متعلقہ ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور کرائم سین اور فرانزک ٹیموں نے موقع سے شواہد اکٹھے کر لیے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور قتل کی وجوہات اور محرکات کا تعین کیا جارہا ہے۔ڈی پی او سرگودھا نے ایس ڈی پی او شاہ پور سے واقعے کی رپورٹ طلب کرتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔اُن کا مزید کہنا تھا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 53

صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے حوالے سے خلیج کے پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہیں'۔جاسم محمد البدیوی نے 'گھناؤنے ایرانی حملوں' کے بعد خلیجی ممالک کے درمیان فوجی تعاون اور ہم آہنگی کی سطح کو سراہا اور کہا کہ یہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں خلیجی یکجہتی کا عملی نمونہ ہے۔غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق اس ہیڈ کوارٹر یا تعینات کی جانے والی افواج کے حوالے سے فی الحال کوئی مزید تفصیلات دستیاب نہیں ہیں۔واضح رہے کہ جی سی سی میں امریکا کے اتحادی خلیجی ممالک بحرین، کویت، عمان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔جی سی سی نے دسمبر 2013 میں کویت میں ہونے والے ایک سربراہی اجلاس میں اپنی مشترکہ عسکری کمانڈ قائم کی تھی جس کا مقصد مشترکہ فوجی کارروائیوں کی منصوبہ بندی اور رکن ممالک کی ان کی سرزمین، فضائی حدود، بحری حدود اور مفادات کو لاحق ممکنہ خطرات کے خلاف دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا تھا۔

بقیہ نمبر 54

جانب سے دائر درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے پشاور ہائیکورٹ کو مینٹیننس آف پبلک آرڈر آرڈیننس (ایم پی او) کے تحت گرفتاریوں کے مقدمات سننے سے روک دیا تھا

بقیہ نمبر 55

وزیراعظم نے کہا کہ آج ساڑھے 3 سال سے بھی کم عرصے میں مقررہ وقت سے پہلے ڈوم کی تنصیب اس عزم کی عملی عکاسی ہے۔ پاکستان اور چین کے انجینئرز، تکنیکی ماہرین اور کارکنوں کی خدمات، لگن اور محنت سے اہم سنگ میل حاصل ہوا ہے۔شہباز شریف نے امید ظاہر کی کہ یہ منصوبہ انشاءاللہ مقررہ وقت سے پہلے فعال ہوجائے گا اور پھر عوام کو صاف، قابل اعتماد، سستی بجلی کی فراہمی ممکن ہوسکے گی، اس کی مدد سے ایسی بجلی تیار کی جائے گی جس کے بعد درآمدی ایندھن کی قیمتوں پر انحصار ختم ہوجائے گا۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سستی بجلی کی پیداوار سورج کی روشنی یا ہوا کی دستیابی سے مشروط نہ ہو بلکہ رات بھر فیکٹریوں کو رواں رکھے، اسپتالوں میں بجلی کی فراہمی یقینی بنائے اور طلبہ کو روشنی میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کرے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان، اس کے عوام اور معیشت کے لئے توانائی کے تحفظ کا یہی حقیقی مفہوم ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے ملک کی حیثیت سے خصوصی ذمہ داری ہے کہ توانائی کے لیے ایسے حل تلاش کیے جائیں جو معاشی مقاصد کے حصول کے ساتھ ماحول کا تحفظ بھی یقینی بنائیں۔وزیراعظم نے مزید کہا کہ کوئی قوم اپنے حال کو محفوظ بنائے



حیدرآباد، سابق وفاقی وزیر خزانہ محمد حفیظ شیخ یونیورسٹی آف آرٹ میں نمائش کا افتتاح کررہے ہیں

خصوصی افراد کو ہمدردی نہیں برابر کے مواقع فراہم کرنا ہونگے

ڈاکٹر شیراز علی

صلاحیتوں کو معذوری نہیں، مواقع کی کمی محدود کرتی ہے، خصوصی افراد کو قومی دھارے میں لانا ہوگا،

خصوصی افراد کے کھیلوں کا روشن مستقبل، عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں

نابینا کھلاڑی بھی عالمی میدانوں میں پاکستان کا پرچم بلند کر سکتے ہیں، ضرورت صرف سہولیات اور سرپرستی کی ہے

پاکستان میں بلائنڈ اسپورٹس کا نیا دور، خصوصی افراد کیلئے مضبوط اسپورٹس نظام، جدید تربیت اور سائنسی سہولیات ناگزیر

اسپورٹس فزیوتھراپی، جدید تربیت، غذائیت اور اسپورٹس سائیکالوجی کو کھیلوں کے نظام کا لازمی حصہ بنانا ہوگا

23 نومبر سے 3 دسمبر 2026 تک ایشین بریل شطرنج چیمپئن شپ کا انعقاد پاکستان کے لیے اہم اعزاز ہے



اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) پاکستان ڈائریکٹر ٹیکنیکل کی حیثیت سے خدمات میں کھیلوں کے فروغ، اسپورٹس سائنسز، انجام دے رہے ہیں۔ اسپورٹس جسمانی صحت اور خصوصی افراد کو قومی و فزیوتھراپی، اسپورٹس ایڈمنسٹریشن اور بین الاقوامی سطح پر کھیلوں کے مواقع انکلوسیو اسپورٹس کے شعبوں سے وابستگی فراہم کرنے کے حوالے سے ڈاکٹر شیراز کے باعث ان کی توجہ کھیلوں کو محض تفریح علی ایک متحرک کردار ادا کررہے ہیں۔ وہ کے بجائے صحت، خود اعتمادی، سماجی پاکستان بلائنڈ اسپورٹس فیڈریشن میں شمولیت اور قومی تشخص کے ایک مؤثر ذریعے کے طور پر فروغ دینے پر مرکوز ہے۔ایک ملاقات میں انھوں نے بتایا کہ میرا تعلق اس شعبے سے ہے جہاں کھیل، صحت اور انسانی صلاحیتوں کی بہتری ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ میری پیشہ ورانہ دلچسپی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

مانسہرہ، تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) اپر کوہستان پولیس و ٹی ایم اے اور دیگر متعلقہ انتظامیہ کی تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری، کمیلہ بازار میں سرکاری اراضی واگزار کرانے کے لیے تجاوزات کے خلاف آپریشن، تفصیلات کے مطابق ضلعی پولیس سربراہ کوہستان ایر ملک حبیب خان کی خصوصی ہدایات پر DSP سرکل داسو صاحبزادہ خان کی زیر نگرانی SHO تھانہ کمیلہ عبدالصمد خان SHO تھانہ جلکوٹ حاجی مہین شاہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

بھارت، آئی فونز کے پرزے بنانے والی فیکٹری میں 3 ملازمین دم گھٹ کر ہلاک

نئی دلی (صباح نیوز) بھارت میں ایپل کے آئی فونز کے پرزے بنانے والی ٹاٹا الیکٹرونکس فیکٹری میں 3 کنٹریکٹ ملازمین دم گھٹنے سے ہلاک ہوگئے۔ ٹاٹا الیکٹرونکس کی ہوسور فیکٹری میں یہ پہلا بڑا حادثہ نہیں۔خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ستمبر 2024 میں بھی اسی فیکٹری میں کیمیکل ذخیرہ کرنے والے حصے میں آگ لگنے کے باعث 10 ملازمین کو اسپتال منتقل اور پیداواری سرگرمیاں معطل کرنا پڑی تھیں۔

سول سروسز اکیڈمی کے فیکلٹی ممبران وافسران کا سی ڈی اے دورہ

ادارہ کے اغراض ومقاصد، انتظامی ڈھانچہ، فنکشنز و آپریشنز سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی



سلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) سول سروسز اکیڈمی لاہور کے تحت 54 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے فیکلٹی ممبران وزیر تربیت پروبیشنری افسران نے منگل کے روز سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا۔ کامن ٹریننگ پروگرام (سی ٹی پی) کے افسران کو سی ڈی اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لیبر فیڈریشن کی سالگرہ تقریب، جدوجہد تیز کرنے کا عزم

8 کروڑ کی لیبر فورس کا تقریباً 83 فیصد حصہ غیر رسمی شعبے سے وابستہ ہے، شمس سواتی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت اور نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے 57 ویں یوم تاسیس کے موقع پر ملک بھر میں فیڈریشن کی مختلف تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات منعقد کی گئیں۔ اس سلسلے کی مرکزی تقریب راولپنڈی میں منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے صدر شمس الرحمن سواتی تھے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



نیشنل لیبر فیڈریشن کے یوم تاسیس کے موقع پر صدر شمس سواتی، معروف وکیل عمران شفیق اور عاشق خان خطاب کررہے ہیں

نئی آٹو پالیسی سے چھوٹی پیٹرول گاڑیاں 10 لاکھ تک سستی ہونے کی توقع

مقامی تیار کردہ 658 سی سی تک کی پیٹرول گاڑی کی قیمت میں 3 لاکھ 75 ہزار روپے کمی کی جائے گی

998 سی سی تک کی مقامی تیار کردہ پیٹرول گاڑی 4 لاکھ 40 ہزار روپے سستی ہوگی، دستاویزات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت کی منظور کردہ نئی آٹو پالیسی کے تحت فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی اور کسٹم ڈیوٹی میں کمی سے پیٹرول گاڑیوں کی قیمتیں 10 لاکھ روپے تک کم ہونے کی توقع ہے۔ دستاویزات کے مطابق مقامی طور پر تیار کردہ 658 سی سی تک کی پیٹرول گاڑی کی قیمت میں 3 لاکھ 75 ہزار روپے کمی کی جائے گی جس کے بعد قیمت 32 لاکھ 20 ہزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ماسکو میں کلام اقبال کی گونج، روسی طلبہ نے شاعری میں دل جیت لیے

ماسکو (نامہ نگار) روس کے دارالحکومت ماسکو میں شاعر مشرق اور مفکر پاکستان علامہ محمد اقبال کے 149 ویں یوم پیدائش کی مناسبت سے ایک بین الاقوامی ادبی و شعری نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستانی سفارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

گوجر خان میں ٹریفک وارڈنز کے زیر انتظام سموگ کیخلاف آگاہی واک

ٹریفک پولیس اور پوٹھوہار پریس کے صحافیوں سمیت سول سوسائٹی کی شرکت



گوجر خان (بیورو رپورٹ) ٹریفک پولیس گوجر خان کے زیر اہتمام سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے خلاف آگاہی مہم کے سلسلے میں پوٹھوہار پریس کلب سے بس اڈہ گوجر خان تک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، جس میں ٹریفک پولیس کے افسران، پوٹھوہار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)



ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے بارے تقریب کے بعد ڈائریکٹر پلاننگ FGEHA میاں رضوان و دیگر کا گروپ فوٹو

ایس ایس پی زین عاصم نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

شہریوں کے مسائل سننے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد، احکامات صادر

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): ایس ایس پی انویسٹی گیشن اسلام آباد زین عاصم نے اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھالنے کے بعد شہریوں کے مسائل اور شکایات سننے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی خصوصی ہدایات پر جی الیون میں واقع اپنے دفتر میں منعقدہ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل وشکایات پیش کیں۔ایس ایس پی انویسٹی گیشن زین عاصم نے شہریوں کی شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام درخواستوں پر میرٹ اور قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے اور شہریوں کو بروقت ریلیف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

لائیو فار آدرز آرگنائزیشن کے زیر اہتمام تقریب

کاروباری شخصیات، بیوروکریٹس، سینئر شہریوں اور نوجوانوں کی شرکت

راولپنڈی (اسٹاف رپورٹر): اقبال ڈے کی مناسبت سے لائیو فار آدرز آرگنائزیشن کے زیر اہتمام نٹس آباد ڈھوک کالا خان یونین کونسل 21 اور 22 میں کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے حوالے سے فاؤنڈیشن کی افتتاحی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

FGEHA کی ترجیح شہری کو سستی محفوظ اور جدید ترین رہائش فراہمی ہے

میاں رضوان الرحمان

محکمہ ہاؤسنگ دورِ جدید کے تقاضوں کے مطابق پائیدار ترقی اور سمارٹ سٹی پلاننگ کی طرف تیزی سے گامزن ہے

ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد، کیک کاٹا گیا، ڈائریکٹر پلاننگ و دیگر افسران اور ملازمین کی شرکت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی میں ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے 2026 کے حوالے سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈائریکٹر پلاننگ میاں رضوان الرحمان، ہاؤسنگ اتھارٹی کے دیگر افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے کی مناسبت سے کیک کاٹا گیا۔ اس موقع پر شہری منصوبہ بندی کی اہمیت جدید تقاضوں سے ہم آہنگ رہائشی منصوبوں کی تشکیل اور پائیدار شہری ترقی کے فروغ پر روشنی ڈالی گئی۔اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ منظم شہری منصوبہ بندی، جدید انفراسٹرکچر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

علامہ اقبالؒ اتحاد امت کے داعی تھے، فرید حسین کیف

یوم اقبال ہمیں اپنے قومی مقاصد اور ذمہ داریوں کی یاد دہانی کرواتا ہے



راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر اور معروف قانون دان چوہدری فرید حسین کیف نے کہا ہے کہ بانی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت نے انتہائی کم وقت میں قیام پاکستان کا خواب حقیقت میں بدل کر دنیا کو حیران کر دیا تھا، علامہ اقبال اتحاد امت کے داعی تھے ۔مصور پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال وہ عظیم قائد ہیں جنہوں نے مسلمانان برصغیر کے دلوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

یونیورسٹی آف واہ کے طلبہ کے اعزاز میں ویلکم وفیئرویل پارٹی کا انعقاد

تقریب باہمی محبت، خلوص، اپنائیت اور علمی رفاقت کے حسین جذبات سے عبارت رہی



واہ کینٹ (خصوصی رپورٹ) یونیورسٹی آف واہ اسلامک ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام ایم فل اسلامک اسٹڈیز فرسٹ سمسٹر کے طلبہ وطالبات کے اعزاز میں ایک پروقار، خوبصورت اور یادگار ویلکم و فیئرویل پارٹی کا انعقاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15) خیر مقدم اور آخری سمسٹر کے طلبہ و طالبات کے

الیکشن کمیشن اپنی ساکھ کھو چکا ہے، جاوید انتظار

لوگ بلدیاتی انتخابات لڑنے کے حوالے سے دوغلے ذہن کی اذیت میں مبتلا



اسلام آباد (پ ر) الیکشن کمیشن اپنی ساکھ کھو چکا ہے۔اسلام آباد کے لوگ بلدیاتی انتخابات لڑنے کے حوالے سے دوغلے ذہن کی اذیت میں مبتلا ہیں۔ الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں تین بار بلدیاتی انتخابات کی فیس وصول کرنے کے باوجود انتخاب ملتوی کئے۔جس سے عام آدمی کے جذبات کو بری طرح متاثر کیا گیا۔چیئرمین اسلام آباد آزاد گروپ جاوید انتظار کو 20 کونسلرز کے وفد نے بلدیاتی انتخابات ملتوی کرنے کے سیصورت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ممتاز شفیق میو کی بیٹی کی شادی کی تقریب کا انعقاد

حاجی افضل، راؤ غلام سمیت عزیز واقارب دوست احباب کی کثیر تعداد میں شرکت

لاہور (اسٹاف رپورٹر) قائم مقام صدر انجمن اتحاد ترقی ومیوات سابق صدر پنجاب میو اتحاد ممتاز شفیق میو کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب ایک مقامی ہال میں نہایت تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ اس پُرمسرت موقع پر پاکستان میو اتحاد پنجاب کے صدر طاہر خاں میو کے فرزند گرامی زبیر طاہر میو کی بارات موضع ہیئر کے مقامی نجی شادی ہال پہنچی تو میزبانوں نے معزز مہمانوں کا پرجوش اور پرخلوص استقبال کیا۔ رسم نکاح کی ادائیگی کے بعد علمائے کرام اور بزرگوں نے نوبیاہتا جوڑے کو سدا سہاگن رہنے، نئی زندگی کی شروعات پر خیر و برکت اور ان کے روشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ترببیلا ڈیم توسیعی منصوبہ، تعمیراتی کام غیر معینہ مدت کیلئے بند

ڈی سی ہری پور کا ہنگامی دورہ، جائے وقوعہ کا معائنہ وصورتحال کا جائزہ لیا



مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ترببیلا ڈیم کا پانچویں توسیعی منصوبے کے جاری کام کے دوران ٹنل 5 کا ایک حصہ ٹوٹ گیا جس کی وجہ سے پانی کا اخراج شروع ہوگیا اس دوران انتظامیہ نے ہنگامی صورتحال کا نفاذ کرتے ہوئے 1530 میگاواٹ کے میگا پراجیکٹ پر ایمرجنسی نافذ کر دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان پرچم کشائی کے بعد شرکاء کے ہمراہ دعا مانگتے ہوئے

اقبال کا پیغام نوجوان نسل کیلئے مشعل راہ ہے، رانا عبدالباقی

طلبہ کو علم کے ساتھ ساتھ اچھے اخلاق اور حب الوطنی کو بھی اپنانا چاہیے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جناح اقبال سوسائٹی ایشین فورم کے چیئرمین رانا عبدالباقی نے یوم اقبال کے موقع پر جناح اقبال ایجوکیشن ویلفیئر سکول کے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال کا پیغام آج بھی ہماری نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔ اقبال نے مسلمانوں کو خودی، خودداری، علم اور عمل کا درس دیا۔انہوں نے کہا کہ اقبال کا فلسفہ خودی ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ انسان اپنی صلاحیتوں کو پہچانے، محنت کرے اور کسی کے سامنے جھکنے کے بجائے اپنے پاؤں پر کھڑا ہو۔ اقبال کا شاہین بلند پرواز، دور اندیش اور خوددار ہوتا ہے، ہمارے طلبہ کو بھی اقبال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



تھانہ کھوٹہ پولیس کارروائی میں برآمد کیے گئے موٹر سائیکل

نصیر آباد پولیس پارٹی پر فائرنگ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، 3 فرار

کھوٹہ میں موٹر سائیکل چور گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار، پانچ مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ نصیر آباد کے علاقے میں دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ تین ملزمان فرار ہوگئے۔ گرفتار ملزم سے اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی گئی تو ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کردی۔ گرفتار ملزم سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا اہم رکن بتایا جاتا ہے۔ واقعے کی اطلاع پر سینئر پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ڈی آئی جی ہزارہ جہانزیب ندیر سے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی ملاقات

امن و امان کی صورتحال پر پیش عوامی مسائل کے علاوہ باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں ملک فاروق تنولی سید سلیم شاہ سید میراں شاہ و دیگر کی ڈی آئی جی ہزارہ جہانزیب ندیر خان سے ملاقات، علاقائی امن و امان، عوامی مسائل اور دیگر امور پر تبادلہ خیال، تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

این سی سی آئی اے راولپنڈی کی بڑی کامیابی، خاتون کی رقم برآمد

نامعلوم عناصر نے فراڈ کے ذریعے 11 لاکھ 30 ہزار روپے ہتھیا لیے تھے



راولپنڈی (کرائم رپورٹر): نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) راولپنڈی نے فراڈ کے ذریعے ہتھیائی گئی رقم میں سے 8 لاکھ روپے برآمد کر کے متاثرہ خاتون کے حوالے کر دیے۔تفصیلات کے مطابق شاہین نے این سی سی آئی اے راولپنڈی میں شکایت درج کروائی تھی کہ نامعلوم عناصر نے فراڈ کے ذریعے ان سے 11 لاکھ 30 ہزار روپے ہتھیا لیے ہیں۔ شکایت پر مقدمے کی تفتیش سب انسپکٹر غیور عباس جعفری کے سپرد کی گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد پولیس کا بڑا کریک ڈاؤن، 44 ملزمان گرفتار

منظم گروہوں کے 6 ارکان بھی شامل، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں میں اغواء، گھریلو چوری اور چوری کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہوں کے 6 ارکان سمیت 44 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے مسروقہ نقدی، دیگر مالِ مسروقہ، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا۔تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ملک میں بارشوں، تیز ہواؤں اور برفباری کی پیشگوئی، الرٹ جاری


اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک کے مختلف علاقوں میں آئندہ چند روز کے دوران بارشوں، تیز ہواؤں، گرج چمک اور پہاڑی علاقوں میں برفباری کی پیشگوئی کی گئی ہے، جس کے پیش نظر متعلقہ اداروں نے الرٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ شاعرِ مشرق کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے ریلی کا انعقاد

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) 9 نومبر اقبال ڈے، کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ میں شاعرِ مشرق کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے شاندار ریلی کا انعقاد، ڈاکٹرز ہسپتال اسٹاف و دیگر ملازمین کی بھی شرکت، تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

جاپان کا نمائندے سے پاکستانی وفد کی ملاقات، ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو

لاہور (صباح نیوز) جاپان اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تعاون، سرمایہ کاری اور ترقیاتی شعبوں میں روابط کو مزید فروغ دینے کے حوالے سے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ، مشیر سرمایہ کاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)



دبئی، پاکستانی قونصل جنرل حسین محمد نمائش میں پاکستانی پویلین کا افتتاح کررہے ہیں

پاکستان کو غیر ملکی قرضوں سے نجات اور معاشی اصلاحات متعارف کرانا ہونگی، سردار مسعود

معاشی اصلاحات، ملکی وسائل پر انحصار اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی ناگزیر ہے

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو بار بار غیر ملکی قرضوں، مالی معاونت اور عارضی مالی ڈیازٹس پر انحصار سے نجات حاصل کرنے کے لیے جامع معاشی اصلاحات متعارف کرانا ہوں گی، ملکی وسائل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سکھور روڈ پر تجاوزات کے خلاف مشترکہ آپریشن

متعدد دکانداروں کو آن لائن جرمانے، دیگر کو آخری وارننگ

گوجر خان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان ڈاکٹر سیدہ زینب حسین کی ہدایت پر شہر میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے گلیانہ موڑ اور مندرہ چکوال روڈ سے ملحقہ سکھور روڈ پر پیرا فورس اور بلدیہ کی جانب سے مشترکہ آپریشن کیا گیا۔ کارروائی کی نگرانی پیرا فورس کے انچارج ابتسام زبیر، پیرا آفیسر مناف سائمن اور بلدیہ آفیسر چاند مبین نے عملے کے ہمراہ کی۔ آپریشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

17 سالہ لڑکے سے نازیبا حرکات، تین ملزمان گرفتار

ملزمان نے ویڈیو بنائی، بلیک میل اور جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیں

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجر خان کے تھانہ مندرہ پولیس کی کارروائی، 17 سالہ لڑکے کو مبینہ طور پر حبس بے جا میں رکھ کر نازیبا حرکات کرنے، ویڈیو بنا کر بلیک میل کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے الزام میں تین ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق مدعی مقدمہ نے پولیس کو بتایا کہ ملزمان نے اس کے بیٹے کو حبس بے جا میں رکھ کر نازیبا حرکات کیں، ویڈیو بنائی اور بلیک میل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ڈاکٹر شیخ عامر محمود کا یوسی سوئی چیمیاں اور ہیول کا فیلڈ وزٹ

عوام کو فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کا معائنہ کیا

گوجر خان (بیورو رپورٹ) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوجر خان ڈاکٹر شیخ عامر محمود کا کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز (CHI) پروگرام کے تحت یونین کونسل سوئی چیمیاں اور ہیول کا فیلڈ وزٹ، ورکرز کی کارکردگی اور گھر گھر فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر شیخ عامر محمود نے دورے کے دوران CHI ورکرز کی کارکردگی، جاری سرگرمیوں اور عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

حافظ محمد نعمان عبیدستی کی شادی کی تقریب اجتماع میں تبدیل

سینیٹر پیر نورالحق، پیر سید علی جنید الحق گیلانی، چوہدری محمد یاسین سمیت دیگر کی شرکت



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ممتاز مذہبی سکالر خواجہ پیر عبید احمد عبید نقشبندی سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقشبندیہ عبیدیہ اسلام آباد کے بیٹے صاحبزادہ حافظ محمد نعمان عبیدستی کی شادی کی تقریب ایک بڑے اجتماع میں تبدیل ہوگئی۔شادی میں سابق وفاقی وزیر سینیٹر پیر محمد نور الحق قادری، پیر سید علی جنید الحق گیلانی سجادہ نشین آستانہ عالیہ گولڑہ شریف، پاکستان کے لاکھوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

شہر نامہ SHEHAR NAMA اسلام آباد

شکایات سیل

- آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
- آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- آپ کا حق تلف کیا گیا
- آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
- آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

شکی پرنٹرز

SPS جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اور جنرل آرڈر ڈیلیور ایبل

ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083